مسائل اور رجحانات کو قدیم موضوعات اور مرثیے کی روایت سے اس طور پر ملانے کی کوشش کی ہے کہ داستان کربلا میں ہمارے اپنے عہد کی جھلک اور اس کے مسائل کی طرف واضح اشارے ملتے ہیں۔ اس عمل سے پاکستان میں جدید مرثیے نے جنم لیا اور مرثیے کی ایک نئی روایت کا آغاز ہوا۔ جوش ملیح آبادی کا نام جدید مرثیے میں سب سے نمایاں و ممتاز ہے۔ مجھے یاد ہے کہ میرے مرحوم عزیز دوست ڈاکٹر یاور عباس محرم کے دنوں میں اپنے گھر میں ہر ہفتے ایک محفل مرثیہ منعقد کرتے تھے۔ یہ وہ زمانہ تھا کہ کراچی ایک زندہ شہر اور امن کا گہوارہ تھا۔ محبتوں کا علمبردار تھا۔ غریب پرور بھی تھا اورغریب نواز بھی۔ یہ پاکستان کا ایک ایسا شہر تھا جہاں سارے پاکستان کے لوگ محبت و اخوت کی فضا میں سانس لیتے تھےاور یہ شہر تجارت و صنعت کے علاوہ ادب و تہذیب کا شہر بھی بن گیا تھا۔ جدید مرثیے نے نہ صرف کراچی شہر میں بلکہ ڈاکٹر یاور عباس مرحوم کی ان محفلوں میں جنم لیا۔ آپ کسی بڑے شاعرکا نام لیجیئے وہ اس محفل میں ضرور شریک ہوا بہر حال اب تو زمانہ بدل گیا ہے۔ لوگ آنکھیں بند کیئے شہروں کو ڈھا رہے ہیں اور اٹھارویں صدی کی مغلیہ سلطنت کی یاد تازہ کر رہے ہیں۔ میرزا رفیع سودا کے شہر آشوب کے مناظر آج سڑکوں پر گھومتے نظر آ رہے ہیں۔ جسے دیکھیئے وہ آنکھیں میچے اسی شاخ کو کاٹ رہا ہے جس پر وہ کھڑا ہے۔ آج اس درد ناک منظر کا مرثیہ لکھنے کی ضرورت ہے۔ آج اس صورت حال کا شہر آشوب لکھنے کی ضرورت ہے تاکہ شعور کو بیدار اور احساس کو زندہ کیا جا سکے۔

خواتین و حضرات!

معاف کیجیئے میں شاید اپنے موضوع سے ذرا ہٹ گیا ہوں۔ مجھے تو آج حضرت قیصر بارہوی کی مذہبی و ادبی خدمات کو خراج

تحسین پیش کرنا تھا- حضرت قیصر کے جو مرثیے میں نے پڑھے ہیں ان کے بارے میں اعتماد کے ساتھ یہ کہہ سکتا ہوں کہ وہ عہد حاضر میں ایک ممتاز مرثیہ گو ہیں- وہ جدید مرثیے کے ممتاز علمبردار ہیں- انھوں نے دور حاضر کی روح کو اپنے مرثیے میں سمو کر ایک ایسے رنگ سخن کو پیدا کیا ہے جوان کا اپنا ہے- ان کا مرثیہ آج کے قاری و سامع کے لیئے واقعات کربلا کو آج ہی کے حوالے سے سمجھاتا اور سناتا ہے اور اسی لیئے ان کے مرثیے دل میں اتر جاتے ہیں- انھیں زبان و بیان پر ایسی قدرت ہے کہ داد دینے کو جی چاہتا ہے- جدید مرثیئے کی تاریخ میںان کا نام مرثیئے کی لوح پر ہمیشہ محفوظ رہے گا- میں ان کی پچاس سالہ ادبی خدمات کے موقع پر دلی مبارک باد پیش کرتا ہوں اور ان کی صحت و سلامتی کے لیئے دعا گو ہوں- جی تو یہ چاہتا ہے کہ ان کے چند مرثیوں کا فنی تجزیہ کیا جاتا اور بتایا جاتا کہ قیصر بارہوی کے مرثیئے کی حقیقی انفرادیت کیا ہے لیکن یہ کام انشااللہ پھر کسی اور موقع پر کروں گا-

ان الفاظ کے ساتھ میں ادبی پروار اور مجلس انیس کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انھوں نے آج کے جلسے کی صدارت کا مجھے شرف بخشا-

(ڈاکٹر جمیل جالبی)

(جناب قیصر بارہوی صاحب کی پچاس سالہ خدمات کے موقع پر۳۱ - مئی ۱۹۹۰ء)

٦- مجلس تودیع

جلسه ای ادبی بمناسبت تودیع و سپاسگزاری از خدمات خانم دکتر حکیمهٔ دبیران، استاد اعزامی ایران به دانشگاه پنجاب لاہور، تحت نظارت "انجمن پاسداران فارسی" روز ١٤ ژوئن ۱۹۹۰م ساعت چهار بعد از ظهر برگزار گردید. سر کنسول جمهوری اسلامی ایران در لاہور آقای علی قمي رئیس این جلسه بود. پس از تلاوت کلام الله مجید توسط خانم نگہت عابد حسین، خانم دکتر خالده آفتاب زندگی نامهٔ مهمان ویژه خانم دکتر حکیمهٔ دبیران را عرضه نمود. دراین موقع رئیس گروه فارسی دانشکدهٔ دختران لاهور، پروفسور خانم سعیده آصف منظومهٔ معروف علامه اقبال "خطاب به مخدرات اسلام" را بصورت دکلمه بسمع حضار رساند. رئیس شعبهٔ زبان و ادبیات فارسی دانشکدهٔ دولتی لاهور پروفسور ظهیر احمد صدیقی طی سخنرانی خود از خدمات خانم دکتر دبیران تشکر نموده و اشعاری چند که بمناسبت بازگشت ایشان به کشور خود سروده بود خواند. پس ازین پیغام رئیس دانشکدهٔخاور شناسی و معاون رئیس دانشگاه پنجاب پروفسور دکتر ذوالفقار علی ملك توسط آقای دکتر آفتاب اصغر قرائت شد. آقای دکتر آفتاب اصغر طی سخنرانی خود پیرامون گذشتهٔ، حال و آینده زبان فارسی در شبه قاره به گذشتهٔ درخشان فارسی در شبه قاره هند و پاکستان اشاره نموده فرمودند که وجود دانشجویان متعددی که شیفته فارسی می باشند دلیل برآنست که این زبان شیرین دراین خطه آتیهٔ خوبی دارد. خانم دکتر حکیمه دبیران طی خطابه خود که مزین باشعاربود،خدمات گرانبهای اساتید و شعرای زبان فارسی در شبه قاره را مورد تحسین قرار داده و گفت، ممکن است این امر برای مردم شگفت آور باشد که درمیان ۲۵۰ فرهنگ مستند زبان

فارسی تقریبا ۲۰۰ فرهنگ در شبه قاره نوشته شده و بقول دکتر معین بسیاری از فرهنگ نویسان ایرانی در مورد نوشتن بقیه ۵۰ فرهنگ نیز از منابع مذکور الهام گرفته اند.

❊ ❊ ❊ ❊ ❊

کتابهای تازه

جدید فارسی شاعری (اردو)

این کتاب که دارای ۲۳٦ صفحه است درباره شعرای جدید فارسی است از دکتر سید محمد تقی علی عابدی که به سمت محقق در موسسه ملی مطالعات علوم و تکنولژی کار می باشد و اصلاً پایان نامه مؤلف بوده که وی برای اخذ درجه دکتری از دانشگاه لکهنو بسال ۱۹۸۷م تهیه کرده است- این کتاب باراول در ژوئیه ۱۹۸۸م از لکهنو (هند) چاپ و منتشر شده است. مؤلف در باب اول درباره اینکه "شعر جدید چیست؟" بحث کرده است و در باب دوم تاریخ شعر جدید و در باب سوم درباره بعض مسائل مهم آن بویژه تاثیرات غربی و دخالت دولتهای خارجی و بیداری سیاسی و ظلم و استبداد شاهان اززمان انقلاب مشروطیت و حس وطن دوستی در توده مردم سخن گفته است و سپس شرح حال و آثار پانزده شاعر جدید ایران ادیب پیشاوری، ایرج میرزا، بهار، پروین اعتصامی، پور داود، دهخدا، رشید یا سمی، شهریار، عارف قزوینی، عشقی، فرخ زاد، فرخی یزدی، لاهوی، نسیم رشتی و نیما یوشیج را آورده در باب چهارم خصائص شعر فارسی جدید را بیان کرده است. درپایان در باب پنجم نفوذ شعر پروین

اعتصامی در شعر جدید و ویژگیهای شعروی را مورد بحث قرار داده است و درآخر فهرست ٦٣ کتاب اردو و فارسی و پنج کتاب انگلیسی و دوازده مجله اردو و فارسی را ذکر نموده است که مؤلف در تالیف این کتاب ازآن استفاده کرده است. بهای این کتاب ٤٢ روپیه است.

پروین اعتصامی (اردو)

این رساله مختصر در ١٠٤ صفحه درباره شرح حال و آثار پروین اعتصامی است از همان مولف دکتر سید محمد تقی علی عابدی و به سال ١٩٨٤م از لکهنو (هند) چاپ و منتشر شده است- بهای آن ٢٠ روپیه می باشد.

العطش (اردو)

مجموعه مراثی سید وحیدالحسن هاشمی است در ٢٣٢ صفحه بزبان اردو که شبیه الحسن ترتیب داده و الحبیب پبلیکیشنز کراچی آن را طبع و نشر نموده است و حاوی ١١ مرثیه به عنوانهای مختلف و سه سلام شاعر است- بهای این کتاب ٦٠ روپیه است.

تذکره فریدیه (اردو)

این رساله مختصر تالیف مولانا محمد مشتاق صابری که چشتیه اکادمی فیصل آباد (پاکستان) آنرا بسال ١٩٨٨م در ٦٤ صفحه طبع و نشر نموده است و حاوی ذکر شیخ فریدالدین گنج شکر، عارف معروف می باشد- بهای این کتاب ذکر نشده است-

کتاب شناسی (٣)

شماره ٣ مجله کتاب شناسی است بزبان اردو که باهتمام آقای عارف نوشاهی بتوسط اداره معارف نوشاهیه اسلام آباد در ١٧٠ صفحه بسال ١٩٨٩م چاپ و نشر شده است و حاوی فهرست مخطوطات کتابخانه

نوشاهیه به عربی، فارسی، اردو، پنجابی و سندی درباره موضوعات مختلف مانند تفسیر و حدیث و اصول حدیث و فقه و اصول فقه و اخلاق و تصوف و دستورزبان وغیره می باشد. بهای این شماره ۵۰ روپیه است.

کتاب نما (اردو)

شماره ۱۰ مجله "کتاب نما" برای اکتبر ۱۹۸۹م با هتمام مکتبه جامعه، جامعه نگر، دهلی (هند) حاوی ۱۰۴ صفحه و مشتمل بر ۸ مقاله درباره موضوعات مختلف از جمله اردو زبان رسمی دوم، بسمل خیر آبادی و مضطر خیر آبادی و آغا حشر و محقق وغیره و غزلیاتی از ۷ شاعراز جمله شان الحق حقی، باقر مهدی وغیره و یك داستان و مقالات دیگر در طنز و مزاح وغیره. بهای این مجله پنج روپیه است.

اورینتل کالج مگزین (شماره ۲۴۷ و ۲۴۸)

مجله دانشکده زبانهای شرقی لاهور شماره ۲۴۷ و ۲۴۸ در یك جلد که شماره مخصوص اقبال میباشد در ۱۷۶ صفحه حاوی ۱۰ مقاله از جمله اقبال و تی اس ایلیات و فیشهایی از کلام اقبال و نظر عروضی "بال جبریل" و پیروان اقبال (شعرای فارسی گو)- مکاتیب (نامه های از) اقبال به نام مولوی سراج الدین پال تمایلات ابتدائی شعراقبال، اقبال آهنگ و انفرادیت، کعبه و حرم در شعر اقبال بهای این شماره ۱۲ روپیه است.

* * * * *

دکتر پرویز ناتل خانلری درگذشت

دکتر پرویزناتل خانلری، استاد دانشگاه تهران، محقق، نویسنده ،زبانشناس و سراینده ایران در ۱۲۹۲ اخ چشم به جهان گشود، و پس از هفتاد وهفت سال عمر، درشب پنجشنبه ۱، شهریورماه ۱۳۶۹ اخ درپی یک بیماری ممتد در بیمارستان آبان تهران در گذشت. این خبر در آخرین روزهای چاپ مجله دانش بمارسید وا کنون فرصت بررسی کارنامه ادبی ا ورا نداریم. فهرست کارهای او در ۱۳۴۰ اخ چاپ شده تا بیست‌ونه سال پیش به سی کتاب می رسد.یکی از مهمترین یادگارهای ایشان دوره های مجله سخن است. مجله ای که بگونه یک دایره المعارف ادبیات فارسی ونمونه نثرونظم کهن و معاصر در دسترس نسلهای معاصر و آینده ایران و ایرانشناسان باقی خواهدماند.ازکارهای دیگر او مدیریت وی دربنیاد فرهنگ بوده ودیگر تالیفاتی در زمینه زبا نشناسی، دستور زبان فارسی و دستور عروض وقا فیه می باشد که درهمه این زمینه ها نو آوری هایی دارد.

درگذشت او را به خانواده ودوستان و شاگردانشان که بسیاری از آنان در پاکستان جزو پاسدا ران ادب و زبان فارسی هستند تسلیت می گوئیم.

مهدی اخوان ثالث چشم از جهان بست

درلحظاتی که مجله دانش در دستگاه چاپ قرارمی گرفت خبریافتیم که مهدی اخوان ثالث درگذشت. به همین مناسبت یاد او را گرا می دا شته و اظهارهمدردی وعرض تسلیت به اهل علم وا دب می کنیم.

مهدی اخوان ثالث سراینده نوپرداز نامور، در ۱۳۰۷ اخ به دنبال یک بیماری ناگهانی دربیمارستان مهردرتهران چشم از جهان بست.

این شاعرتوانا با مطالعات ژرفی که درتاریخ گذشته ایران وشعرکهن فارسی داشت،به شعرنوپرداخت وسبک ویژه خود را عرضه داشت و تکامل داد. وپس از نیما یوشیج نامورترین سراینده نو پرداز ایران بود و ازخود آثار ارزشمند به یادگار گذاشت.درگذشت ایشان را به بازماندگان ایشان تسلیت گفته از خدا وند مهربان، آمرزش ایشان را خواهانیم.

"دانش"

وفیات

شاعر ادیب معاصر اردو و فارسی و پنجابی فقید سید افضل حسین شاه متخلص به افضل ساکن در شهر اتک روز دو شنبه ۲۸ ماه مه ۱۹۹۰ مطابق سوم خرداد ۱۳۶۹ در اثر سکتهٔ قلبی چشم از جهان بربست این شاعر زنده دل و مجلس آرا رئیس ادارهٔ امور جنگلبانی در بخش اتک در حومهٔ اسلام آباد بود. اتک شهریست کنار رود خانهٔ سند دارای آثار تاریخی و مناظر زیبای کوه و دشت و رود خانه ها و خطه ایست دانش پرور و مردم خیز که بسیار از دانشمندان پاکستانی و علاقه مندان زبان و ادبیات فارسی رادر، دامن خود پرورانده است از قبیل دانشمند فقید دکتر غلام جیلانی برق و آقای ظهور احمد استاد فارسی و پروفسور اشفاق احمد مشوق تاسیس کارخانهٔ ذوب آهن و آقای محمد ایوب وکیل داد گستری و مترجم کتاب جاذبه و دافعه علی و آقای سید افضل حسین شاه رئیس مرکز پرورش گل و باغداری که باگلها و نهالها زندگی می کرد. گل می گفت و گل می شنید تبسمش مثل غنچه بود و همیشه خندان و شادان به نظر می آمد. اخیراً درماه دسامبر در جلسهٔ معارفه یی که به همّت او تحت سرپرستی انجمن ادبی اتک در اتک تشکیل شده بود، جناب آقای دکتر سیّد کمال حاج سید جوادی رایزن محترم فرهنگی سفارت جمهوری اسلامی ایران رابه اتک دعوت کرد و علاوه براجرای مجلس مشاعره پذیرائی گرمی از

دعوت شدگان به عمل آورد. وی ریاست انجمن فرهنگ و ادب فارسی اتك را بر عهده داشت. دکتر محمد حسین تسبیحی دکتر سید سبط حسن رضوی، آقای نیاکان، آقای علی پیرنیاو غیر هم درآن مجلس مشاعره شرکت نمودند عکسهای آن مجلس هنوز هم در آلبوم های ماموجود می باشد. چه کسی می دانست که این رفیق مخلص ما بزودی از این جهان فانی رخت سفر می بندد. بعداً هم در مجالس انجمن فارسی وخانهٔ فرهنگ ایران راولپندی او را دعوت می نمودیم خوشحال می گشت و تلفن می زد که حتماً من می رسم و بروقت مسافت هفتاد کلو متری با ماشین شخصی خود می پیمود و شعرمی سرود و سخنرانی می کرد و صحبتهای مفصل از ایران و فارسی بیان می داشت و همیشه دعوت خود را تجدید می نمود.

آه آن دور گذشت آن ساغر شکست وآن ساقی نماند و اینك خبر وفات اورا از زبان آقای ناظر بخاری شنیدیم و متحیر گشتیم که بدون خدا حافظی این جهان فانی را بدرود گفت و بسیار خاموش و بی سرو صدا از ماجدا شد و نگذاشت که مادر مراسم تدفین و تشییع او شرکت کنیم و به وارثان او تعزیت و تسلیت بگوییم. در مقدّرات خدای متعال چاره ای نیست جز صبر و شکر. تیر غم را در دل شکستم و خاموش شدم. می گویند خانوادهٔ او به گجرات رفت و فعلاً نشانی آن در دست نیست.

انّا للہ واناالیه راجعون

سید تقی رضا بلگرامی

علامہ میر عبدالجلیل واسطی بلگرامی

کی فارسی تاریخ گوئی

علامہ میر عبدالجلیل واسطی بلگرامی، آسمانِ علم و ادب کے خورشید تاباں تھے. وہ بہت سے علوم پر دستِ قدرت رکھتے تھے چنانچہ سید علی معصوم شیرازی (۱)مؤلف انوار الربیع و ریاض السالکین وغیرہ نے لکھا ہے کہ "من در تمام عمرِ خود جامع غرائب مثل عبدالجلیل ندیدم".(۲)

علامہ مبرور کی ولادت با سعادت ۱۳ شوال المکرم ۱۰۷۱ھ (یکم جون ۱۶۶۱ء) کو بلگرام (۳) کے محلہ میدان پورہ میں ہوئی. ان کے والد کا اسم شریف سید احمد تھا جو نیکی اور دیانت داری میں کوس یکتائی بجا گئے. اُن کی وفات ۴ جمادی الاول ۱۰۹۶ھ (۲۹مارچ، ۱۶۸۵ء) کو ہوئی. علامہ جلیل بلگرامی کا سلسلہ نسب ابوالفرح واسطی سے ہو کر زید شہید بن (۴) امام زین العابدین علیہ السلام تک پہونچتا ہے. سید ابوالفرح واسطی کے اخلاف میں سید محمد صغریٰ نے ۶۱۲ھ(۱۲۱۷ء) میں بعہد سلطان شمس الدین التمش (۱۲۱۰ء تا ۱۲۳۶ء) بلگرام فتح کیا جسکی تاریخ "خدا داد" ہے. اُنہوں نے یہاں

کے راجه سری رام پر حمله کیا اور اسے قتل کر کے اسلام کا علم بلند کیا(۵). سید محمد صغری کی رحلت دوشنبه بوقت صبح، ۱۴ شعبان ۶۴۵ھ (۱۸نومبر ۱۲۴۸ء) کو ہوئی. ان کا مزار بلگرام میں جانب شمال باغ محمود میں واقع ھے اور مرجع خاص و عام ھے. علامه جلیل بلگرامی مثنوی "امواج الخیال" میں فرماتے ھیں (٦)

مائیم نخلِ سبزِ ریاضِ پیمبری
احسانِ ماست بر همه از سایه گستری
زید شهید مصحفِ اسرار اهلبیت
پیداست از مناقبِ او شان حیدری
والا گهر ابو الفرح واسطی که شُست
از آبِ ذوالفقار بسی نقش کافری
جدِ کلان محمد صغری که تیغِ او
بر بلگرام یافته فتح و مظفری
احمد که صاحب قلم و سیفِ قاطع است
بهرام و تیر بر در او کرده چاکری
عبدالجلیل از پسِ احمد منم که هست
وصفی ز من فصاحتِ سحبان و انوری(۷)

علامه واسطی بلگرامی کو دیگر علوم کے علاوه تاریخ گوئی میں ملکۂ وافر حاصل تھا. چنانچه ڈاکٹر زبید احمد پروفیسر اله آباد یونیورسٹی لکھتے ھیں:-

"تاریخ گوئی میں عبدالجلیل کو خاص مہارت حاصل تھی. وه بہت ذہین شاعر تھے اور صنعتِ لفظی پر اُن کو بڑی قدرت حاصل تھی". (۸)

تاریخ گوئی شاعری کی مشکل ترین صنف ہے اور اسمیں ندرت پیدا کرنے کے لیے زبان و بیان پر دستگاہ رکھنے کے علاوہ اس فن سے فطری لگاؤ از حد ضروری ہے ورنہ شاعر قطعات تاریخ مین کوئی ندرت یا حسن پیدا نہیں کر سکتا۔ اب میں علامہ بلگرامی کی تاریخین نقل کرتا ہوں اور جس شخص یا واقعہ سے متعلق تاریخ کہی گئی ہے، اس کا بیان بھی اختصار کے ساتھ کروں گا۔

علامہ عبدالجلیل بلگرامی کے شاہ حسین خاں سے جو دیوانی لکھنو پر مامور تھے، مراسم اختصاص تھے. اورنگ زیب عالمگیر نے اُنھیں لکھنؤ سے تبدیل کر کے دیوانی پٹنہ(بہار) پر مامور کیا. ان کا انتقال ۱۱۰۸ھ(۱۶۹۶ء) میں ہوا تو علامہ جلیل بلگرامی نے تاریخ وفات کہی:

خان خورشید نسب شاہ حسین
ذات او مظہر آیات جلی
آن امیری کہ در انواع شکوہ
داشتہ مرتبۂ بی بدلی
گوہر فکر وزیران جہان
پہلوی رای منیرش عملی
در ہزار و صد و ہشت از ہجرت
کرد نہضت بہ ریاض ازلی
سال تاریخ خرد گفت چنین
"باد حشرش بحسین ابن علی (ع)"(۹)
(۱۱۰۸ھ)

شهنشاہ اورنگ زیب عالمگیر نے ۱۱۱۲ھ(۱۷۰۱ء) میں علامہ جلیل بلگرامی کو بلگرام کے قریب سائی پور میں ایک بڑی جاگیر عطا کی اور صوبہ گجرات کی بخشی گری اور وقائع نویسی کی خدمات پر مامور کیا تو علامہ نے مندرجہ ذیل تاریخ عطیۂ خدمات کہی.

مرا از جناب خلافت عطا شد

ز روے کرم خدمت عیش افزا

خرد گفت تاریخ تفویض خدمت

" وقائع نگاری گجرات زیبا " (۱۰)

(۱۱۱۲ھ)

۱۳ ذی قعدہ ۱۱۱۱ھ(۲۲ اپریل ۱۷۰۰ء) کو شہنشاہ عالمگیر نے قلعہ ستارہ واقع جنوبی ہند فتح کیا. اس قلعہ کو فتح کرنے کے لئے شہنشاہ نے بڑی کاوش کی تھی اور بڑی مشکل سے یہ قلعہ فتح ہوا تھا، اس لئے شہنشاہ نے اس فتح پر بہت اظہار مسرت کیا تھا. علامہ جلیل بلگرامی نے جو اُس وقت شہنشاہ کے ساتھ دکن میں تھے، اس فتح کی متعدد تاریخیں نظم کی تھیں. چنانچہ چودھری نبی احمد سندیلوی لکھتے ہیں:-

"۱۳ ذی قعدہ ۱۱۱۱ھ(۲۲ اپریل ۱۷۰۰ء) کو شہنشاہ عالمگیر نے قلعہ ستارہ واقع جنوبی ہند فتح کیا. اُسی شب میر عبدالجلیل بلگرامی نے فارسی، عربی، اور ہندي میں گیارہ تاریخیں لکھیں اور رسالہ ترتیب دے کر بادشاہ کے حضور میں پیش کیا اور خسروانہ تحسین کے مورد ہوئے. رسالہ کا نام "گلزار فتح شاہِ ہند" اور "طوسی نامہ فیروزی شاہِ عالمگیر" رکھا. ان دونوں ناموں سے بھی تایخ ۱۱۱۱ھ برآمد ہوتی ھے. ان تاریخوں کا اختراع صنعتِ تسمیہ کے عجائبات میں شمار ہوتا ھے. ذیل کی فارسی کی تاریخ میں جو انگلیوں کی شکل سے نکالی ھے، جدت آفرینی

کی ہے اورکمال طباعی دکھائی ہے۔

چو شه ابهام زیر خنصر آورد
بورد اسم اعظم در شماره
قلاع کفر شد مفتوح فی‌الحال
ز تیغ او عدو شد پاره پاره
ز انگشتان شه بر آمد ابهام
برابر چار الف کردم نظاره
بعینه بود شکل سال هجری
پئ تاریخ تسخیر ستاره
چنین تاریخ گفتن اختراعی ست
شد از عبدالجلیل این آشکاره (۱۱)

علامه نے اس فتح سے متعلق جو اور تاریخیں کہی تھیں، اُن میں سے فارسی کی چند تاریخیں ذیل میں نقل کی جاتی ہیں۔

چو سیوا، سنبها و رانا بگیتی
ز تیغ شهنشاه گشتند پاره
الفهای این راجه ها را بیک جا
نوشتیم تاریخ فتح ستاره (۱۲)

اس قطعه میں شاعر نے سیوا، سنبها اور رانا کے چاروں الف سے تاریخ نکالی ہے۔ بادشاہ کی تلوار سے ان راجوں کے پراکنده (قتل) ہونے سے چار الف بھی ملفوظی طور پر منتشر ہوئے، جنھیں شاعر نے یکجا لکھ کر تاریخ ۱۱۱۱ھ حاصل کر لی ہے اس طرح تاریخ کہنا علامه کی اختراع ہے۔

از معجزه پیعمبر شق القمرعیان شد
اعجاز خسروی بین "شق ستاره" آمد (۱۳)

اس تاریخ میں شاعر نے صنعتِ لفظی سے کام لیا ہے اور جو

ندرت پیدا کی ہے وہ صاحبان ذوق کے لئے باعث تلذذِ خاطر ہے. پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نسبت سے "شق القمر" اور بادشاہ کی نسبت سے " شقِ ستارہ" کا معجزہ بھرپور لفظی صنعت گری ہے. علامہ بلگرامی اس فن کے بادشاہ ہیں.

جشن سنہ بارہ گیر بفتح ستارہ گڑھ
نظارہ کن جوانب اطراف بوستان
این بیت را بہ تعمید گیرد اگر کسی
تاریخ با نقط شود از لفظ او عیان

لفظ جشن کے اعداد ۳۵۳ ہیں. اسے تین سے ضرب دیں تو ۱۰۵۹ عدد حاصل ہوں گے، ان اعداد میں اطراف بوستان یعنی ابتدائی حرف "ب" اور آخری حرف "ن" کے ۵۲ عدد شامل کردیں تو سنہ مطلوب کے اعداد ۱۱۱۱ حاصل ہو جائیں گے. جشن کے حروف ج، ش، ن اور اطراف بوستاں کے حروف، ب، ن، منقوطہ ہیں. اس تاریخ میں شاعر نے اپنی کمال ذہانت اور طباعی کا اظہار کیا ھے. اس نے صنعت تفادیب اور صنعت منقوطہ کے استعمال سے ایسی ندرت پیدا کی ہے جو تعریف و تحسین سے بالا تر ہے.

ملک الشعراء دربار شاہجہانی ابو طالب کلیم ہمدانی نے شہنشاہ اورنگ زیب عالمگیر کی ولادت پر پانچ اشعار کا تاریخی قطعہ کہا تھا جس کا آخری شعر یہ ہے.

طبع دریافت سال تاریخش
زدرقم " آفتاب عالم تاب "

اس شعر میں "آفتاب عالمتاب" سے تاریخ ولادت (۱۰۲۸ھ) برآمد کی ہے. علامہ عبدالجلیل بلگرامی نے اس تاریخ ولادت اور بادشاہ کی اسلام دوستی اور اسلامی شعائر کی پابندی کے تناظر میں فتح ستارہ کے موقع پر مندرجہ ذیل تاریخ کہی.

چو شاہ عالمگیر آفتاب عالم تاب
کہ تیغ اوست بگیتی کلید فتح اسباب
ستارہ قلعۂ کفار را محاصرہ کرد
بعزم آن کہ نماید بنای کفر خراب
چنان بزلزلہ آمد زمین ز ہیبت او
کہ کوہ گشت چو دریا و قلعہ شد گرداب
چو فتح شد پی تاریخ فکر می کردم
برآمد از تہ دریای فکر دُر خوش آب
چو از درون "ستاہ" "جنود شرک" برفت
۸۳=۵۸۴-۶۶۶
طلوع کرد درو "آفتاب عالم تاب"
۱۰۲۸+۸۳=۱۱۱۱ھ (۱۴)

اس تاریخ میں اگرچہ تخرجہ اور تدخلہ کا عمل کار فرما ہے جو تاریخ گوئی میں مستحسن متصور نہیں کیا جاتا لیکن شاعر نے اپنی طباعی، ذکاوت اور فکر بلیغ سے جو ندرت اور حسن پیدا کیا ہے وہ انھی کا حصہ ہے اور داد وتوصیف سے مستغنی ہے۔ شاعر کا یہ کہنا کہ آفتاب عالمتاب (عالمگیر بادشاہ) قلعۂ ستارہ میں اس وقت طلوع ہوا جب افواج کفار وہاں سے چلی گئیں، بلاغت فکر کی معراج ہے۔ مزید خوبی یہ ھے کہ ابجد معنوی کے اعتبار سے "ستارہ" کے اعداد میں سے "جنود شرک" کے اعداد کا تخرجہ کیا ہے یعنی "جنود شرک" کو ستارہ سے نکالا ہے پھر مابقی اعداد کا تعمیہ "آفتاب عالم تاب" کے اعداد سے کیا ہے۔

۱۱۱۸ھ (۱۷۰۶ء) میں شہنشاہ عالمگیر کا بمقام احمد نگر (دکن) انتقال ہوا توعلامہ واسطی بلگرامی نے بادشاہ کے مادۂ تاریخ ولادت "آفتاب عالم تاب" کی رعایت سے "فی آفتاب عالم تاب" تاریخ کہی، یعنی آفتاب عالم تاب کو زوال ہو گیا۔ (۱۵)

۱۱۱۷ھ(۱۷۰۵ء) میں سندھ کے مرزبان اور خاندان کلہوڑہ کے فرد فرید میاں یار محمد(۱۶) المخاطب بہ خدا یار خاں نے سندھ کے قبیلہ نہمدیان کے سردار پہاڑ خاں پر فتح حاصل کی تو میر عبدالجلیل بلگرامی نے، جو اس وقت بھکر(سندھ) میں شہنشاہ اورنگ زیب عالمگیر کی طرف سے وقائع نویس تھے، اس فتح کی تاریخ اس طرح نظم فرمائی:

بکار شاہ چون خان خدا یارہ
کمر بست از تہور همچو میلاد
سپاہ خان دو اسپہ، تاخت یکسر
دل نهمردیان در ششدر افتاد
پہاڑ از خوف، زد بر کوہ، خود را
چو کاهی، کو برد ازحملۂ باد
میان عرصہ شد نیك شمهات
ز سم اسب گردان ظفر زاد
خرد تاریخ این فتح مبارك
بدیهه گفت "هي فتح خدا داد" (۱۷)
۱۱۱۷ھ

سید احمد بلگرامی بن سید بڈھ بن سید عبدالفتاح بلگرامی، شاہزادہ محمد اعظم شاہ بن سلطان اورنگزیب عالمگیر کے قابل اعتماد ملازمین میں سے تھے اور شاهجهان پور، مالوہ اور بعض دوسرے مواضعات کے منتظم و منصرم تھے. ان کا انتقال ۲۵ جمادی الآخر ۱۱۱۷ھ(۳ اکتوبر ۱۷۰۵ء) کو ہوا. اور اسی سال ۱۳ شعبان ۱۱۱۷ھ (۲۳ نومبر ۱۷۰۵ء) کو سید مربّی بن سید عبدالنبی بن سید طیب بلگرامی نے بھی رحلت فرمائی. سید مربّی مقدس ذات و صفات کے مالک تھے. آپ حافظ بھی تھے اور تقوی و طہارت میں لاجواب تھے. علامہ عبدالجلیل بلگرامی نے ان ہر دو مرحومین کی تاریخ رحلت اسطرح نظم کی.

میر سید احمد آن بحر سخا
مولوی سید مربّی دین پناه
هر دو زین گلخن سرای بی بقا
جانب فردوس سر کردند راه
عالم اندر دیده ها تاریک شد
مردمک پوشید زین ماتم سیاه
تا قیامت از دل پرسوز خلق
بر مزار هر دو سوزد شمع آه
خواستم از بهر شان تاریخ سال
گفت هاتف "هر دو خلد آرام گاه" (۱۸)
(۱۱۱۷ھ)

محمد معزالدین جہاندار شاہ نے(۱۹) اپنی شہزادگی کے زمانے میں ۱۱۲۰ھ (۱۷۰۸ء) میں امین الدین خاں حسین بن سید ابوالمکارم شہود تخلص بن ابوالبقا امیر خاں کو فوجداری بھکر پر فائز کیا تو انھوں نے اسی سال سکھر میں ایک جامع مسجد تعمیر کرائی۔ علامہ جلیل بلگرامی نے جو اسوقت سندھ میں وقائع نویس تھے اور بھکر مستقر تھا، گیارہ اشعار کا ایک قطعہ تاریخ نظم کیا۔

خان ذیشان امین الدین خان
ذکر فیضش بزبانها مذکور
در رخش، نور نبی گشته عیان
وز کفش، جود علی کرده ظهور
سینه اش، مخزن اسرار ازل
شمع فانوس دلش، لمعهٔ طور
مسجدی کرد بنا، در سکهر
پاک تر، از دل ارباب حضور

خانهٔ دینِ خود ، آباد نمود
سعی او پیشِ خدا شد مشکور
سکھر از نسبت این مسجد شد
بلدهٔ طیبه رب غفور
حبّذا مسجد فرخنده بنا
در و دیوار وی آئینه نور
از دم صبح برآمد به ! به !
بر کج او ، چو نظر کرد از دور
می سزد، گر پیِ جارویش، چرخ
دست بندد و در جبه کند رقص سرور
با هم آغوشِ مصلاش شده است
سجده در جبه کند رقص سرور
سال تاریخ چنین گفت خرد
"مهبطِ نور، چوبیت المعمورُ" (۲۰)
۱۱۲۰ھ

امین الدین خاں حسین کی وفات ۱۱۲۷ھ (۱۷۱۵ء)میں ٹھٹھه ہوئی.

۱۱۲۲ھ (۱۷۱۰ء) میں رحیم دادخاں زمیندار نواحئ شکار پور و نوشھرہ نے قلعه سیوی و دھادھر(سندھ) پر حمله کر دیا اور اس پر قابض ہو گئے. یه علاقه شاہانِ کلہوڑہ کا تھا چنانچه میاں یار محمد المخاطب به خدا یار خاں نے اس کا دفاع کیااور قلعه واپس لیا. میر سید محمد بلگرامی فرزند ارجمند علامه میر عبدالجلیل بلگرامی، اپنی تصنیف "تبصرۃ الناظرین" میں لکھتے ہیں:—

"حشری انبوہ از زمینداران کوہ فراہم آوردہ قلعهٔ سیوی و دھادھر را متصرف شد. خداي ار خاں(میاں یارمحمد کلہوڑہ) حارس آنجا چون ازین

مغنی خبر یافت، داؤد خان پسر خود را با جمعیت شائستہ روانۂ آن صوب نمود که سیوی را از افغان مذکور قهراً و قراً انتزاع نماید. خان مذکور امتثالاً للامر کمر خدمت بسته روان گردید. داؤد خان فتح یافت و میر عبدالجلیل بلگرامی که دران وقت وقائع نویس سیوستان بود، برین فتح نظم گفت. (۲۱)

اس نظم میں ۲۵ اشعار ہیں لیکن یہاں صرف آٹھ منتخب شعر ہدیۂ قارئین کئے جاتے ہیں۔ آخری مصراع سے تاریخ برآمد ہوتی ہے۔

زئیس تردد سکالان مقسد
رحیم رجیم و لئیم سبك سر
الوسات کوهی بخود جمع کرده
گرفت از دغا حصن سیوی دهادهر
خدا یار خان چون برین مطلع شد
بر آشفت مانند ببر غضنفر
بفرمود داؤد فرزند خود را
که این فتح گردد بدستت میسر
کمر بست داؤد بر حکم والد
روان شد بفوج دلیران دلاور
بفضل الهی و اقبال شاهی
دلیرانه داؤد آمد مظفر
ز تاریخ فتح خدا داد نامی
ز من کرد درخواست مرد سخنور
گذشت از سر جان رحیم و بگفتم
۳
"ز داؤد شد فتح سیوی و دهادهر" (۲۲)
۱۲۵-۳=۱۱۲۲ھ

۱۱۲۳ھ میں دو بزرگ اور صاحبانِ باطن نے اس خار زار عالم سے اپنا دامن چھڑا لیا اور ریاض خلد کی طرف روانہ ہو گئے۔ تفصیل یہ ہے:-

(۱) حافظ سید محمدی بن سید بدیع الدین بن تاج الدین بلگرامی قدس سرہ شاہ عالم بہادر شاہ بن شہنشاہ اورنگزیب عالمگیر کی خدمت میں بسر کرتے تھے۔ بادشاہ ان کا بہت زیادہ ادب و احترام کرتے تھے۔ ایک روز بادشاہ سے گفتگو ہو رہی تھی کہ آپ نے بادشاہ کے زانو پر ہاتھ رکھ کر متوجہ کیا۔ ناظر نے ٹوکا اور کہا کہ "قواعد ادب ملحوظ رکھنا چاہیئے" سید صاحب عالی مشرب اور بلند حوصلہ تھے آپ میں قوت باطن بدرجہ کمال موجود تھی۔ آپ کی رحلت ۱۱۲۳ھ (۱۷۱۱ء) میں ہوئی۔

(۲) شیخ محمد حافظ بن قاضی فضیل بن قاضی محمد یوسف ثالث بلگرامی عہدۂ قضاۃ پر فائز تھے اور نہایت عزت و احترام سے زندگی بسر کی۔ آپ خط نسخ و نستعلیق نہایت شیریں اور دیدہ زیب لکھتے تھے۔ آپکی تحریر کردہ متعدد کتابیں بلگرام کے کتب خانوں میں موجود تھیں۔ آپ تقوی و طہارت میں بھی بلند مرتبہ تھے۔ آپ کی وفات ۲۳ محرم ۱۱۲۳ھ (۲ مارچ ۱۷۱۱ء) کو قصبہ موھان (نواح لکھنؤ) میں ہوئی۔ لاش بلگرام لائی گئی اور محلہ حیدر آباد میں نزد قبور شہداء سپرد خاک کی گئی۔

علامہ جلیل بلگرامی نے ہر دو مرحومین کی تاریخ رحلت نظم کی۔

چون میر محمد و قاضی حافظ
بردند بیک سال سوی جنت راہ
گشتند بہ رضوان الهی واصل
هاتف تاریخ گفت "رضوان اللہ" (۲۳)
۱۱۲۳ھ

۱۱۲۷ھ میں بہادر شاہ اول بن عالمگیر نے نظام الملک کو "خانِ دوران" کا خطاب عطا کیا تو علامہ بلگرامی نے "خان دوران بہادر" سے تاریخ نکالی۔

۱۱۲۷ھ (۱۷۱۵ء) میں نواب سیف اللہ خان خدمت بخشیٔ چہارم (سندھ) پر فائز ہوئے تو علامہ جلیل بلگرامی نے مندرجہ ذیل تاریخ کہی۔

بحرِ دل نواب سیف اللہ خان
آن کہ شد فیاض از روز ازل
عقل بہرِ خدمتش تاریخ گفت
" بخشیٔ عالی جنابِ ی دل " (۲٤)
۱۱۲۷ھ

نواب سیف اللہ خان کی وفات ۱۱۴۳ھ (۳۱-۱۷۳۰ء) میں ہوئی اور قبرستان مکلی (ٹھٹھہ) میں دفن ہوئے۔

۲۲ ذی الحجہ ۱۱۲۷ھ (۸ دسامبر ۱۷۱۵ء) کو محمد فرخ سیر بادشاہ ہند بن عظیم الشان کی شادی راجہ اُجیت سنگھ راٹھور بن راجہ جسونت سنگھ کی دختر کے ساتھ انجام پائی۔ اس شادی کے واقعات علامہ بلگرامی نے ایک مثنوی میں نظم فرمائے ہیں۔ اس مثنوی میں علامہ نے مختلف علوم خصوصاً موسیقی کی اصطلاحات اور پردوں کا مذکور نہایت تبحرانہ انداز میں کیا ہے۔ اس مثنوی کا نام "جواہر الفردوس" (۲۵) ہے۔ یہ مثنوی کافی طویل ہے۔ یہاں صرف مطلع اور آخری چار اشعار نقل کئے جاتے ہیں۔ آخری شعر کا مصرعہ ثانی تاریخ ھے۔

بھاری کرد گل، عالم چمن شد
شگفتن عام در ہر انجمن شد
نوید طوی شاہ ہفت کشور
جہان را نوبہاری ریخت در بر

شهنشاه سریر سرفرازی
خدیو عصر فرخ شاه غازی
بیا عبدالجلیل بلگرامی
سُخن را بر دعا بهتر تمامی
عروس سلطنت با رونق و جاه
بود دائم در آغوشِ شهنشاه
بود تاریخ طویٔ شادمانی
"بساط وصلِ شاهنشاه و رانی" (۲٦)
۱۱۲۷ھ

یہ مثنوی ملک کے سیاسی مخالف حالات کے سبب بادشاہ کو پیش نہ کی جا سکی اور ۱۱۳۱ھ(۱۷۱۹ء) میں بادشاہ کو قتل کر دیا گیا. چنانچہ علامہ نے اس مثنوی کا تتمہ کہا جس کے چند اشعار یہ ہیں. آخری مصرع تاریخ ہے.

چو من این مثنوی پایان رساندم
سخن را رتبۂ کیوان رساندم
سخن سنجان به تحسین لب گشودند
تلاش لفظ و معنی را ستودند
اگر این مثنوی در محفل شاه
بیاید چون نسیم اندر چمن راه
بجلدوی چنین اشعار فاخر
بسنجد شاه، ما را با جواهر
درین امر آن قدر تاخیر گردید
که شاهنشاه سوی جنت خرامید

پیٔ تاریخ این مصرع بر آمد

"بہ بحرِ رحمتِ ایزد دزا آمد" (۲۷)

۱۱۳۱ھ

سید حسین المتخلص بہ خالص صفاھانی خلف الرشید میرزا باقر وزیر قورچی نے ھندوستان آنے کے بعد شہنشاہ عالمگیر کی ملازمت اختیار کی اور دیوانیٔ صوبہ عظیم آباد پٹنہ(بہار) پر مامور ہوئے. بادشاہ نے خطاب "امتیاز خان" سے ممتاز و مفتخر فرمایا. وہ ۱۱۲۲ھ(۱۰ ۱۷ء) میں کثیر دولت اور اقمشہ کے ساتھ ایران جانے کے لئے روانہ ہوئے اور بھکر(سندھ) پھونچکر علامہ میر عبدالجلیل بلگرامی سے ملاقات کی. علامہ اس وقت بادشاہ دھلی کی طرف سے بھکر میں وقائع نویس تھے، انہوں نے خالص کو آگے جانے سے منع کیا اور دہلی واپس جانے کی رائے دی لیکن خالص نے اس مشورہ پرعمل نہیں کیا اور سربکف جولاں آگے روانہ ہو گئے. ابھی آپ سیوستان تک پھونچے تھے کہ کسی نا ہنجار نے انہیں قتل کر دیا اور ان کی املاک پر قابض ہو گیا. علامہ بلگرامی نے اس سانحہ کی تاریخ "آہ، آہ، امتیاز خان" سے برآمد کی. (۲۸)

محمد فرخ سیر بادشاہ کی وفات کے بعد امیرالامراء حسین علی خان کے مخالفین نے ۱۱۳۱ھ(۱۹ ۱۷ء) میں نیکو سیر بن محمد اکبر بن شہنشاہ اورنگ زیب کو آگرہ میں تخت نشین کر دیا او قلعہ پر اپنی گرفت مضبوط کر لی. امیرالامراء جو اُس وقت دہلی میں تھے، اس واقعہ کی خبر ملتے ہی ایک لشکر جرار کے ساتھ دہلی سے آگرہ پھونچے اور قلعہ کا محاصرہ کر کے اُسے فتح کر لیا. میر عبدالجلیل بلگرامی نے اس شاندار کامیابی پر ایک قصیدۂ غرا جو چوراسی اشعار پر محتوی ہے، نظم کرکے تہنیت کے طور پر پیش کیا. مطلع اور تاریخ کا شعر نقل کیا جاتا ہے.

مژده ای دوستان که در عالم
نقد شد نسیه بهار ارم
کرد عبدالجلیل در تاریخ
"قلعهٔ آگره گرفت" رقم (۲۹)
۱۱۳۱ھ

۱۱۳۱ھ(۱۷۱۹ء) میں دہلی کے تین بادشاہ یعنی فرخ سیر، رفیع الدرجات اور رفیع الدولہ فوت ہوئے توعلامہ بلگرامی نے تاریخ کہی۔

کردند سه بادشاه بیك سال وفات
فرخ سیر و دگر رفیع الدرجات
بعدش چو شد از جهان رفیع الدوله
تاریخ"فغان" نوشته شد زین حرکات (۳۰)
۱۱۳۱ھ

سید حسن علی خان المخاطب به قطب الملک بہادر، سید عبداللہ خان یار وفادار، ظفر جنگ(۳۱) محمد فرخ سیر بادشاہ ھند کے وزیر اعظم تھے۔ اُنہوں نے بہت سے کام صدقات جاریہ کے طور پر انجام دئیے۔ انہوں نے دھلی کے نواح پٹ پڑگنج میں جہاں کربلائے معلی جیسا قحط آب تھا، ۱۱۲۷ھ(۱۷۱۵ء) میں ایک نہر جاری کرکے اس خطه کو حیاتِ عطاکی۔ علامہ جلیل بلگرامی نے اس کی تاریخ کہی۔

بحر جود و فیض قطب الملك عبدالله خاں
نهر خیزی کرد جاری آن وزیر محتشم
بهر آن عبدالجلیل واسطی تاریخ گفت
"نهر قطب الملك مد بحرِ احسان و کرم" (۳۲)
۱۱۲۷ھ

سید حسین علیخان المخاطب به امیر الامراء بہادر فیروز جنگ، سادات بارھه (مظفر نگر) کے گل سر سبد تھے۔ وہ محمد فرخ سیر بادشاہ

کے عہد(۱۷۱۲ء تا ۱۷۱۹ء) میں سپہ سالار اعظم کے عہدہ جلیلہ اور شش ہزاری منصب پر فائز تھے۔ آپ سخاوت و شجاعت، عالی ہمتی اور تمکین و وقار میں اپنے بڑے بھائی سید حسن علی خان قطب الملک بہادر سے بلند مرتبہ رکھتے تھے۔ ۱۱۳۲ھ(۱۷۲۰ء) میں محمد شاہ بادشاہ نے انہیں دھوکے سے قتل کرادیا۔ میر عبدالجلیل بلگرامی کو امیرالامراء سے ارتباط خاص اور تعلق خاطر کی وجہ سے کمال صدمہ ہوا۔ آپ نے اس سانحۂ فاجعہ پر ایک نہایت پُرسوز اور درد ناک مرثیہ کہا جو چھبیس۲۶ اشعار پر محتوی ہے۔ چند اشعار یہ ہیں۔ آخری شعر کے مصرعۂ ثانی سے سنہ شہادت برآمد ہوتا ہے۔

آثارِ کربلاست عیان از جبین ہند
زد جوش خونِ آلِ نبی از زمین ہند
شد ماتمِ حسین علی تازہ در جہان
سادات گشتہ اند مصیبت نشین ہند
از دست ابن ملجم ثانی شہید شد
گوئی ز کوفہ است گلِ ماتمین ہند
ای دوستانِ آل و محبانِ اہلبیت
غمگین شوید بہر حسینِ حزینِ ہند
سال شہادتش قلم واسطی نوشت
"قتل حسین کرد یزید لعینِ ہند" (۳۲)
۱۱۳۲ھ

۱۱۳۳ھ(۱۷۲۲ء) میں محمد شاہ بادشاہ دہلی نے نظام الملک میر قمرالدین علی خان(۳۳) (بانی سلطنت آصفیہ حیدر آباد دکن) بن میر شہاب الدین علی خاں بن میر عابد علی خان سمرقندی کو وزارت عظمی پر فائز کیا اور خطاب "آصف جاہ" سے مزید اختصاص بخشا۔ اس موقع پر علامہ میر عبدالجلیل بلگرامی نے ایک مُرصع قصیدہ کہہ کر پیش کیا۔ اس

قصیدے میں فارسی، عربی، ترکی اور ہندی کے جملہ چوالیس ۴۴ اشعار ہیں اور تاریخ بھی کئی زبانوں میں نظم کی ہے. یہاں صرف قصیدے کا مطلع اور دو فارسی تاریخیں نقل کی جاتی ہیں:

مطلع:

بہار آمد و وا کرد غنچہ بند قبا
گرہ ز خاطر بلبل کشود فیض صبا
قلم نوشت برای وزارتش تاریخ
"وزیر کشور ہند آصف دوام ایقا" (۳۵)
۱۱۳٤ھ

دوسری تاریخ جو صوری و معنوی میں ہے، یہ ہے.

"ہزار ویکصد و سی و چهار نص نشاط"
۱۱۳٤ھ
دو گونہ جوہر تاریخ ازو شود پیدا (۳٦)

* * * * *

تعلیقات و مآخذ

(۱) سید صدرالدین علی الشہیر بہ علی معصوم شیرازی بن سید نظام الدین احمد (مصنف تاریخ قطب شاہی "حدیقة السلاطین") کا خاندان شیراز میں بیت علم و فضل گنا جاتا تھا. "مدرسۂ منصوریہ" ان کے جد اعلیٰ میر غیاث الدین منصور (ولادت ۹۰۰ھ/۱٤۹٤ء وفات ۹٤۸ھ/۱۵٤۱ء) سے منسوب ہے اور بہت مشہور ہے. سید علی معصوم کی ولادت روز شنبہ ۱۵ جمادی الاول ۱۰۵۲ھ

(یکم اگست ۱٦٤٢ء) کو مدینۂ منورہ میں ہوئی اور ۱۱۲۷ھ (۱۷۰۵ء) میں شیراز میں رو گرائے عالم بقا ہوئے۔

(۲) مآثر الکرام ص ۲٤۷، آزاد بلگرامی مطبوعہ ۱۹۷۱ء لاہور طبع ثانی۔

(۳) "بلگرام" ہندوستان کے شہر لکھنؤ سے نوے کلومیٹر دور مغرب میں ضلع ہردوئی کا ایک مردم خیز قصبہ ہے اور علم و فضل کے اعتبار سے مشہور عالم ہے۔ اس قصبہ میں کثرت سے علماء فضلاء، صوفیہ اور محدثین پیدا ہوئے۔ ان میں صاحب "تاج العروس" اور "اتحاف السادة المتقین فی شرح احیاء العلوم الدین الغزالی" علامہ سید مرتضی بلگرامی الزبیدی کا نام نامی سرفہرست ہے۔ ۱۹۸۱ء کی مردم شماری کے مطابق اس قصبہ کی آبادی پچیس ۲۵ ہزار نفوس پر مشتمل ہے۔

(٤) زید شہید بن امام زین العابدین علیہ السلام کی ولادت ٦٦ھ (٦٨٥ء) اور شہادت ۱۲۲ھ (۷٤٠ء) میں ہوئی۔ آپ کی والدہ معظمہ "غزالہ" عرف جیدا ولایت سندھ (پاکستان) کی رہنے والی تھیں (المجدی) وہ جب امام زین العابدین علیہ السلام کے حبالہ عقد میں آئیں تو اس وقت امیر مختار ابن ابی عبیداللہ کوفہ پر حکمران تھے۔ یہ زمانہ عبدالملک بن مروان کی حکومت کا تھا۔

(٥) "شجرہ طیبہ" (قلمی) ص ٤١٠، آزاد بلگرامی اور مآثرالکرام ص ۱۲۔

(٦) مآثر الکرام ص ۲٥۹ آزاد بلگرامی۔

(۷) سحبان بن زفر بن ایاس الوائلی قبیلہ واهلہ سے تھا ٥٤ھ (٦۷٤ء) میں وفات پائی۔

(۸) انوری: شیخ اوحد الدین نام، انوری تخلص اور کرمان وطن تھا۔ ٥۸۰ھ (۱۱۸٤ء) میں بلخ میں وفات پائی۔

(۹) مآثر الکرام ص ۲٥٠، علامہ آزاد بلگرامی۔

(۱۰) مآثر الکرام ص ۲٥۱۔

(۱۱) "وقائع عالمگیر" ص ٥٠ مطبوعہ حیدر آباد دکن۔

(۱۲) "ملخص تسلیم" ص ٦۷، انوار حسین تسلیم سہسوانی (مراد آباد) مطبوعہ ۱۸۹٦ء

(۱۳) "صنادید تاریخ گوئی" مشموله دانش ص ۲۵۲ اسلام آباد.

(۱٤) "صنادید تاریخ گوئی"، ۲٦٤، از ڈاکٹر انصارلله شموله "دانش" شماره ص ۷. اسلام آباد ۱۳٦۵ھ اور "ملحض تسلیم" ص ۳٤ مطبوعۂ ۱۸۹٦ء.

(۱۵) وقائع عالمگیر ص ۱۵٤.

(۱٦) یار محمد المخاطب خدایار خان عباسی بن میاں نصیر بن میاں الیاس بن داؤد بن آدم شاہ کلہورہ. وفات ۱۱۳۱ھ(۱۷۱۹ء).

(۱۷) تبصرۃ الناظرین (قلمی) ص ٤۰ بحوالہ تحفۃ الکرام ہے .ص، ص٤٤۲ حاشیہ.

(۱۸) مآثر الکرام ص ۹۵ مطبوعہ ۱۹۷۱ء لاہور.

(۱۹) جہاندار شاہ لقب اور معزالدین نام ہے. بہادر شاہ اول محمد معظم کا لڑکا تھا ۱۰ رمضان المبارک ۱۰۷۳ھ(۸ اپریل ۱٦٦۳ء) کو پیدا ہوا ۱۱۲٤ھ(۱۷۱۲ء) کو تخت نشین ہوا اور جنوری ۱۷۱۳ء کو محمد فرخ سیر بن عظیم الشان کے ساتھ جنگ میں قتل کر دیا گیا.

(۲۰) تحفۃ الکرام ج ۳، ص ۳٤۹ حاشیہ از پیر حسام الدین راشدی مطبوعہ ۱۹۷۱ء کراچی.

(۲۱) تبصرۃ الناظرین(قلمی)ص ۷٤ از سید محمد بلگرامی شاعر تخلص، پیدائش ۱۱۰۰ھ/۱٦۸۸ء وفات ۱۱۸۵ھ/۱۷۷۱ء.

(۲۲) تحفۃ الکرام ج۳، حاشیہ ص ٤۲.

(۲۳) مآثر الکرام ص۱۱۱ مطبوعہ ۱۹۷۱ء لاہور.

(۲٤) تحفۃ الکرام ج ۳، ص ۳۷۳ حاشیہ.

(۲۵) "فارسی بلگرام" ص ۱۵، سید علی اصغر بلگرامی، مطبوعہ ۱۳٤۷ھ(۱۹۲۸ء) حیدرآباد دکن.

(۲٦) فارسی بلگرام ص۱٦.

(۲۷) فارسی بلگرام ص ۱۷.

(۲۸) "سرو آزاد" ص ۱۳۹، علامہ آزاد بلگرامی مطبوعہ لاہور ۱۹۱۳ء.

(۲۹) سرو آزاد ص ۲۸.

(۳۰) تحفة الکرام ص ۳٦ جلد سوم. رفیع الدرجات کا نام ابوالبرکات تھا اور رفیع الدولہ کا نام شمس الدین اور شاہ جہان ثانی لقب تھا. یہ دونوں بھائی رفیع الشان بن محمد معظم بہادر شاہ اول کے فرزند تھے.

(۳۱) قطب الملك کا سلسلہ نسب سید ابوالفرح واسطی تك راجع ہوتا ہے. آپکی وفات بادشاہ محمد شاہ کی طرف سے زہر خورانی کی وجہ سے سلخ ذی الحجہ ۱۱۳۵ھ (۲۰ ستمبر ۱۷۲۳ء) کو واقع ہوئی. دہلی میں بمقام شاہ مردان دفن ہوئے.

(۳۲) سرو آزاد ص ۱٦۲، آزاد بلگرامی.

(۳۳) سرو آزاد ص ۱۷٤

(۳٤) میر قمرالدین علی خان: آپ سعداللہ خان چنیوٹی (پاکستان) وزیر اعظم شاھجہان بادشاہ کے نواسے تھے. آپ کے دادا میر عابد علی خان شاھجہان بادشاہ کے عہد میں سمرقند سے ھندوستان آئے تھے. بادشاہ نے انھیں شاھزادہ اورنگ زیب عالمگیر کی خدمت گزینی سے معزز کیا . ان کي وفات ٤ ربیع الاول ۱۰۹۸ھ (۹ جنوری ۱٦۹۸ء) کو ہوئی. میر قمرالدین علی خان کی ولادت ۱٤ ربیع الآخر ۱۰۸۲ھ (۱۰ اگست ۱٦۷۱ء) کو ہوئی "نیك بخت" تاریخ ہے. آپ ریعان شباب میں چہار ہزاری منصب اور خطاب "چین قلیج خان" سے سرفراز ہوئے. شاہ عالم بہادر شاہ اول نے أنھیں ۱۱۲٤ھ (۱۷۱۲ء) میں "خان دوران" کا خطاب عطاکیا. علامہ میر عبدالجلیل بلگرامی نے "خان دوران بہادر" سے تاریخ نکالی. محمد فرخ سیر نے خطابات "نظام الملك بہادر" اور فتح جنگ" سے نوازا اور ہفت ہزاری منصب سے اعزاز بخشا. محمد شاہ بادشاہ نے انھیں ۱۱۳٤ھ (۱۷۲۱ء) میں خطاب "آصف جاہ" اور وزارت عظمی سے بلند رتبہ عطا کیا. ان کا انتقال اتوار کے دن ٤ جمادی الآخر ۱۱٦۱ھ (۲۱ مئی ۱۷٤۸ء) بوقت عصر شہر برھان پور کے قریب ہوا اور شاہ بُرھان الدین غریب قدس سرہ کے پائین مزار دولت آباد میں آخری آرام گاہ ملی. آزاد بلگرامی نے "متوجہ بہشت" سے تاریخ رحلت برآمد کی. آپ بہت اچھے شاعر تھے اور ایك ضخیم دیوان آپ کی یادگار ہے

(۳۵) سرو آزاد ص ۱۸٤، آزاد بلگرامی.

(۳٦) سرو آزاد ص ۱۸۵ آزاد بلگرامی.

* * * * *

غلام حسن بلتستانی

ملا محمد علی کشمیری کی کتاب

"تحفة الاحباب" کا قلمی نسخہ

راقم السطور کے ذاتی کتابخانے(۱) میں ملا محمد علی کشمیری کی کتاب "تحفة الاحباب" کا ایک مخطوطہ موجود ہے۔ شاید یہ نسخہ برصغیر کی حد تک واحد نسخہ ہے جو محفوظ بھی ہے اور مکمل بھی(۲).

کتاب ۲۳×۱۶/۱۲ کی تقطیع کے ۵۲۲ صفحات پر پھیلی ہوئی ہے. ہر صفحہ ۱۷ سطروں اور ہرسطر اوسطا ۱۵ الفاظ پر مشتمل ہے. اس ضخیم کتاب کی کتابت کی تاریخ ترقیمہ میں اسطرح دی گئی ہے:

> تمت هذه الکتاب المسمی بتحفة الاحباب بتاریخ
> ثلث و عشر (کذا) من شهر جماد الثانی سنة الف و خمسین
> من هجرة پیغمبر علیه السلام(۳)

ترقیمہ سمیت کتاب میں کسی جگہ کاتب کا نام نہیں آیا لیکن اس کا کاتب مصنف کا ہمنام مشہور کشمیری خطاط ملا محمد علی

کشمیری ہے جو خط نستعلیق کے بہت اچھے خوشنویس گذرے ہیں جن کی لکھی ہوئی کتاب خلاصة المناقب (۲) اس کتابخانے کی متاع گراں مایہ ہے جسے انہوں نے ۱۰۹۲ھ میں کتابت کیا ہے. ان دونوں ترقیموں کا انداز کتابت، خط اور تحریر بالکل یکساں ہیں.

پوری کتاب نہایت خوشخط خط نستعلیق میں کتابت ہوئی ہے حتی کہ عربی عبارات بھی نستعلیق میں لکھی گئی ہیں. ابواب اور عناوین سرخ روشنائی سے کتابت کئے گئے ہیں. کتاب چار ابواب اور چھ فصلوں میں مکمل کی گئی ہے. حیرت کی بات یہ ہے کہ آخری دونوں ابواب تین تین فصلوں پر مشتمل ہیں جبکہ پہلے دو ابواب فصلوں میں تقسیم نہیں کئے گئے. کتاب کے مندرجات اس طرح ہیں:

ابواب	صفحات	کل صفحات	کیفیت
مقدمہ	۱ تا ۹	۹	وجہ تصنیف اور نام کتاب وغیرہ
باب اول	۱۰ تا ۱۳۴	۲۵	عراقی کی پیدائش، سفارت
باب دوم	۱۳۴ تا ۲۶۸	۱۳۴	عراقی کی کشمیر آمد اور کشمیر میں سرگرمیاں وغیرہ
باب سوم	۲۶۹ تا ۳۲۵	٦٦	عراقی کی ایران واپسی اور ایران میں قیام وغیرہ
باب چہارم	۳۲۵ تا ۵۲۴	۱۹۹	عراقی کی دوبارہ کشمیر آمد، وفات، سرگرمیاں اور بت شکنیاں

کتاب بے حد سلیس، رواں اور زوردار ہے اور فارسی شیریں میں فصاحت و بلاغت کا شاہکار ہے: فاضل مصنف نے تفصیل و وضاحت کی خاطر کافی اشعار کےعلاوہ ایرانی بزرگوں کی ۳۹ کتابوں کے اقتباسات درج کیے ہیں. اس طرح اس کتاب میں نامور ایرانی مصنفین اورشعرا کے

افکار و اقوال جمع ھیں جن میں شیخ شہاب الدین سہروردی، سعدی، اسیرئی لاھیجی، عطار نیشاپوری، میر سید محمد نوربخش، میر سید علی ھمدانی، شیخ علاؤالدولہ سمنانی، شیخ نجم الدین کبری، فخرالدین عراقی، مولانا روم اور عبدالرحمان جامی وغیرہ شامل ھیں، جس سے فاضل مصنف کے وسعت مطالعہ اور ذوق تحقیق کا اندازہ ھو جاتا ھے۔

کتاب کو مصنف نے خود ھی "تحفۃ الاحباب" سے موسوم کیا ھے جس کی وجہ انہوں نے درج ذیل بتائی ھے:

چون سبب تحریر این رسالہ و باعث تسطیر این مقالہ التماس احباب و الیاس اصحاب و انفاس ارباب بودہ بدان مناسبت این رسالہ موسوم گشت بتحفۃ الاحباب (۵).

کتاب کے مندرجات کے بارےمیں مولف کا کہنا ھے کہ انہوں نے میر شمس الدین عراقی کے افکار و کرامات کے بارے میں مختلف لوگوں سے بہت سی باتیں سنی تھیں۔ لوگوں کی زبانی جو بھی سنتے اپنے والد ملا خلیل اللہ کو سنا کر اس کی ان سے تصدیق کراتے پھر وہ خود دوسروں کو سناتے اس طرح مولف کو عراقی کے بارے میں مستند سمجھا جاتا تھا۔ لوگ عراقی کے بارے میں مختلف باتوں میں ان سے رجوع کرتے تھے۔ لوگوں کے بے حد اصرار پر انہوں نے ان باتون کو کتابی صورت میں مدون کیا؛(٦)

ملا محمد علی کشمیر کے حالات زندگی دستیاب نہیں لیکن انہوں نے زیر بحث کتاب میں ایک واقعہ لکھا ھے جس سے ان کا سال ولادت متعین ھوتا ھے۔ وہ لکھتے ھیں کہ میں اپنے والد بزرگوار کے ساتھ عراقی کی خدمت میں جایا کرتا تھا۔ ایک بار جبکہ میری عمر بارہ سال تھی میں والد کے ساتھ گیا اور آپ کے دست حق پرست پر بیعت کی۔ اس واقعے کے دو سال بعد عراقی عراق(ایران) تشریف لےگئے۔ (٧)

تواریخ کشمیر اور "تحفۃ الاحباب" سے ثابت ہے کہ عراقی ۸۹۶ھ کو خراسان واپس گئے تھے فاضل مصنف کے بیان کے مطابق عراقی کی واپسی سے دوسال پیشتر ان کی عمر بارہ سال تھی. پس ۸۹۶-۱۲=۸۸۲ھ ان کا سال پیدائش ہے. ان کے والد خلیل اللہ کشمیر کے بہت بڑے عالم تھے. دینی اور علمی حلقوں مین انہیں زبردست رسوخ حاصل تھا اور وہ میر شمس الدین عراقی کے خاص مریدوں میں سے تھے. محمد علی نے مروجه علوم و فنون انہی سے سیکھے اورکم سنی میں راہ طریقت و سلوک میں قدم رکھا. ذکر خفی عراقی کے مرید صوفی جمال الدین سے سیکھا اور عراقی کے مرید ہوگئے. (۸)

اپنے والد کی طرح محمد علی بھی بہت بڑے عالم دین تھے. عربی اور فارسی کے زبردست انشاء پرداز تھے ان کا علمی و ادبی ذوق اور تصنیف و تالیف میں استعداد زیر بحث کتاب سے عیاں ہے. کتاب کے مطالعه سے پته چلته ہے که انہوں نے طویل عمر پائی. ۹۹۰ ھ میں وہ زندہ تھے. (۹)

لیکن افسوس فارسی زبان کے اس عظیم مصنف اور نادر روزگار انشاپرداز کی زندگی کی تفاصیل معلوم نہیں، حتی کہ تاریخ وفات اور مقام تدفین بھی ہمارے علم سے باہر ہیں.

مصنف ممدوح بہت عمدہ فارسی نثرنگار تھے. انہوں نے اپنی کتاب میں بہت زیادہ تراکیب، استعارات، محاورات اور تلامیح استعمال کی ہیں. ان کی تحریر بے حد رواں سلیس اور عام فہم ہے. ایک غیر ایرانی دانشور کے قلم سے اس قدر شیرین فارسی میں کسی ضخیم کتاب کا منصه شہود پر آنا کشمیر کو ایران صغیر کہنے والوں کی بصیرت کو داد دینے پر مجبور کرتا ہے، جیسا که علامه اقبال نے کہا ہے!

آج وہ کشمیر ہے محکوم ومجبور و اسیر
کل جسے اہل نظر کہتے تھے ایران صغیر (۱۰)

زیر بحث کتاب ایک ایرانی الاصل شخصیت میر شمس الدین محمد عراقی کے حالات زندگی، تعلیمات اورکارناموں پر مشتمل تفصیلی سوانح عمری ہے۔ اس موضوع پر یہ واحد کتاب ہے جو عراقی کی وفات (۹۳۲ھ) سے تھوڑی مدت بعد لکھی گئی لیکن افسوس کہ عراقی کی شخصیت ان کی وفات کے بعد متنازعہ بن گئی۔ اگر یہ کتاب شائع ہو جاتے تو ساری غلط فہمیاں اور اختلافات ختم ہو جائیں گے۔ مثلاً عراقی کے بلتستان جانے کے بارے میں مورخین میں کوئی اختلاف نہیں، لیکن بلتستان میں مدت قیام کے بارے میں اختلاف ہے۔ مولوی حشمت اللہ نے پانچ چھ سال لکھا ہے(۱۱) ڈاکٹر صابر آفاقی نے پانچ سال(۱۲) پروفیسر محب الحسن اور سلیم خانگی نے ۲ ماہ (۱۳) حقیقت یہ ہے کہ عراقی ۹۱۱ ہجری کے اوائل میں بلتستان پہنچے اور اسی سال کے موسم خزاں میں بلتستان سے واپس کشمیر چلے گئے تھے۔ اس طرح بلتستان میں وہ چھ ماہ کے لگ بھگ رہے تھے۔(۱۴) اس کی تائید "طبقات نوریہ" کے اندراجات سے بھی ہوتی ہے۔(۱۵)

اسی طرح عراقی کے فقہی مذہب کے بارے میں اختلاف ہے۔ روشن علی ہندی، عبدالرشید انصاری، اور شیخ محمد اکرام انہیں شیعہ قرار دیتے ہیں۔(۱٦) ڈاکٹر صابر آفاقی، سید محمود آزاد، سلیم خانگی اور ڈاکٹر محمد ریاض شیعہ اور نوربخشیہ دونوں کے مبلغ لکھتے ہیں (۱۷) جبکہ مرزا حیدر کاشغری، ابو الفضل، عبدالحمید خاور اور پروفیسر محب الحسن انہیں صرف نوربخشی مبلغ سمجھتے ہیں۔(۱۸) "تحفۃ الاحباب" سے آخرالذکر گروہ کے نظریے کی تائید ہوتی ہے۔ اس میں اٹھارہ مقامات پر عراقی نوربخشی مذہب پھیلانے کی تلقین کرتے ہیں۔ دو جگہ پوچھنے والوں کو اپنا مذہب نوربخشی بتاتے ہیں۔(۱۹) اورایک جگہ

شیعه اور سنّی کے بارے میں اپنی ناپسندیدگی کا اظہار کرتے ھیں.(۲۰)

میر شمس الدین عراقی۸۳۳ھ کو ایران کے مشہور علاقے گیلان کے قصبے رشت میں پیدا ہوئے. والدین نے ان کا نام محمد رکھا ماں باپ دونوں کی جانب سے موسوی سید تھے. بچپن ھی میں انھیں فقر و سلوک سے لگاؤ پیدا ھوگیا چنانچہ سید محمد نور بخش کے مریدوں کی صحبت اختیار کی، جن میں سے شیخ محمد سمرقندی، شیخ محمود بحر آبادی، شیخ محمد سفلی؛ شمس الدین اسیری لاھیجی اور شاہ قاسم فیض بخش وغیرہ کی خدمت میں اپنی عمر کا اکثر حصہ یعنی ۲۴ سال گذارے. موخرالذکر نے جو، نور بخش قہستانی کے بیٹے اور خلیفہ مجاز تھے. انھیں شمس الدین کا لقب دیا اور اپنا نائب اور خلیفہ بنا کر کشمیر روانہ کر دیا. انہوں نے ۳۶ سال کشمیر میں گذارے. ایک بار بلتستان کا تبلیغی دورہ کیا. کشمیر اور بلتستان میں نور بخشی سلسلے کو رواج دیا. کشمیر کے حکمران زین العابدین کی آزاد سیکولر پالیسی کے نتیجے میں مرتد ھونے والے ھزاروں افراد کو دوبارہ دائرہ اسلام میں داخل کیا اور سینکڑوں بت خانے گرا کر انکی جگہ پر مسجدیں اور خانقاھیں بنوائیں. غرض ان کی مساعی جمیلہ کے طفیل کشمیر اور مضافات کشمیر میں دین اسلام کو دوبارہ استحکام اور رونق نصیب ھوئی. انھوں نے ۹۳۲ ھ میں وفات پائی. زدی بل کے مقام پر مدفون ھوئے جہاں آپ کا مزار پُرانوار مرجع خلائق ھے.

عراقی بہت بڑے عالم دین اور شعلہ بیان مقرر تھے. لیکن حیرت کی بات یہ ھے کہ انہوں نے کوئی کتاب نہیں لکھی. "تحفة الاحباب" میں ان کی کسی تصنیف کا ذکر نہیں البتہ ان کے بیٹے میر دانیال کی تصنیف "تعریف نامہ درویشان" کا نام آیا ھے(۲۱) عراقی بہت بڑے انقلابی سوچ رکھنے والے تھے. انہوں نے کشمیر میں انقلاب برپا کردیا اور کشمیر کے دور دراز حصوں میں بھی آواز حق پہنچائی اور ارتداد کے فتنے کو ھمیشہ

کیلئے ختم کرا دیا۔

اس کتاب کی اہمیت اس لحاظ سے بھی ہے کہ اس میں سلسلہ طریقت نور بخشیہ کے بارے میں بیش قدر مواد موجود ہے۔ نوربخشی تحریک کے بارے میں اس قدر مواد ایران میں لکھی جانے والی کتابوں میں بھی موجود نہیں۔ مؤسس سلسلہ نوربخشیہ سید محمد نوربخش ان کی اولاد اور خلفاء و مریدین کے بارے میں تفصیلی معلومات موجود ہیں، بلکہ کتاب کا باب اول عراقی کی تعلیم و تربیت کے ضمن بحث پر مشتمل ہے جس میں تحریک کے اثر و نفوذ، نوربخشیوں کی سرگرمیاں اور سید محمد نور بخش کے خطوط تفصیل سے درج ہیں۔ اس طرح ایرانی الاصل صوفی سلسلہ نوربخشیہ پر لکھنے والوں کیلئے یہ حوالے کی کتاب اور معلوماتی دستاویز ہے۔

سلسلہ نوربخشیہ دوسرے سلاسل صوفیہ کی طرح ایک روحانی سلسلہ ہے۔ مثلاً قادریہ، چشتیہ، سہروردیہ وغیرہ کا سا۔ اس کے مؤسس میر سید محمد نور بخش ایران کے مشہور علاقے قہستان کے رہنے والے تھے اس سلسلے کے اکثر بزرگوں کا تعلق ایران کے مختلف شہروں سے ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی تعلیمات ایرانی مفکرین اور صوفی خاندانوں کی آئینہ دار ہیں۔ ان بزرگوں میں سے اکثر صاحب تصنیف و تالیف ہیں جن میں شیخ نجم الدین کبری، شیخ علاءالدین سمنانی، عبدالرحمن اسفرائنی، میر سید علی ہمدانی اور میر سید محمد نوربخش تصانیف کثیر کے مالک ہیں۔

یہ کتاب نویں/دسویں ہجری کے دوران ایران، افغانستان، وسطی ایشیا اور کشمیر کی معاشرتی مذہبی، اقتصادی اور تہذیبی تاریخ بھی ہے۔ اسلامی دنیا کے بارے میں مفید معلومات دی گئی ہیں۔ کشمیر اور ایران کے علما و فضلاء، شاہان و امراء، مشائخ و فقراء اور شعرا و ادباء کے بارے میں بھی بیش قدر معلومات درج کی گئی ہیں۔ مسلمانوں کے

علاوہ ہندوؤں کے مذہبی اور سماجی حالات بھی درج ھیں۔ اس طرح اس کی تاریخی اور ثقافتی اھمیت بہت زیادہ ہے۔

کشمیر میں اشاعت اسلام اگرچہ سید بلبل شاہ ترکستانی، امیر کبیر سید علی ہمدانی اورمیر سید محمد ہمدانی کے ہاتھوں ہو چکی تھی، لیکن اشاعت اسلام میں مبلغین اسلام اور صوفیائے کرام کے ساتھ ساتھ مسلمان حکمرانوں نے بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیا، جس کی وجہ سے کشمیر کے باشندوں کی اکثریت مسلمان ہو گئی تھی۔ لیکن جب سلطان زین العابدین کشمیر کا حکمران بنا تو اس نے ہندوؤں و غیرھم کے ساتھ بے حد فراخدلی کا مظاھرہ کیا انھیں کئی مراعات سے نوازا. کشمیر سے چلے جانے والے ہندوؤں کو بلایا. سلطان سکندر بت شکن کے زمانے میں منہدم کیے جانے والے مندروں کی از سرنو تعمیر و مرمت کے سلسلے میں گراں قدر امداد دی. ہندو عالموں کو بڑی بڑی ملازمتیں دی گئیں سلطان کی حد سے زیادہ ہندو نوازی(۲۲) سے کشمیری ہندو اس قدر دلیر ہوگئے کہ وہ کھل کر شعائر اسلام کا مذاق اڑاتے اور اسلامی احکامات کی بجاآوری میں روڑے اٹکاتے تھے. میر سید محمد ہمدانی کے ہاتھوں مسلمان ہونے والے ہزاروں نو مسلموں کو انہوں نے جبراً ہندو بنا لیا تھا. ہندو تہذیب و ثقافت کے احیاء و رواج کیلئے کوششیں ہونے لگی تھیں اور کشمیر میں دین اسلام کا مستقبل مخدوش ہو گیا تھا. مؤلف کتاب نے قاضی محمد قدسی کی مثنوی نقل کی ھے جس کے کچھ اشعار نذر قارئین کئے جاتے ھیں.

کفری که قدیم بود نو شد
وز مهر منیر شرع ضو شد
شد بار دگر برسم معتاد
آتشکده وکنشت بنیاد

گشتند طوائف منافق (۱۱)

با کفر معاون و موافق

هر جا فطنی و زیر کی بود

در شرک شریک مشر کی بود

ور زانکه پدر شدی بمسجد

میکرد پسر بکافرے جد(۲۳)

میر شمس الدین عراقی کی کوشش اور وزیراعظم ملک موسی رینہ کے تعاون نے کشمیر میں اسلام کے مستقبل کو محفوظ بنایا۔ ہندوؤں کی قوت کا خاتمہ کر دیا۔ (۲۴)

سطور بالا میں ملا محمد علی کشمیری کی کتاب "تحفۃ الاحباب" کی اہمیت افادیت اور اس کی تاریخی حیثیت واضح کرنے کی کوشش کی گئی ھے۔ ھماری معلومات کے مطابق یہ اب تک زیور طبع سے آراستہ نہیں ہوئی۔ بدقسمتی سے اس کے قلمی نسخے بھی کمیاب ھیں کشمیر یونیورسٹی سری نگر کشمیر میں شعبہ فارسی کے استاد جناب غلام رسول جانی کے مراسلے بنام مقالہ نگار کے مطابق کشمیر میں صرف ایک نسخہ موجود ھے(۲۵) جس کا صرف آخری باب محفوظ ھے پہلے تینوں ابواب سرے سے موجود نہیں ہیں۔ برصغیر اور ایران کے کسی کتابخانے میں اس کی موجودگی کا ھمیں علم نہیں ہے۔

ضرورت اس امر کی ھے کہ فارسی زبان اور تاریخ کشمیر سے قلبی لگاؤ رکھنے والے ارباب علم و فضل اور صاحب ثروت حضرات اس نادر علمی اور تاریخی دستاویز کو شائع کرنے کاسامان کریں۔

* * * * *

کتابیات و مآخذ

۱- آئین اکبری، ابوالفضل، لیدن

۲- آب کوثر، شیخ محمد اکرام، طبع یازدهم، لاهور، ۱۹۸۵ء

۳- اقبال اور کشمیر، ڈاکٹر صابر آفاقی، لاہور، ۱۹۷۷ء

۴-ایران صغیر و ایران کبیر،محمد عبداللہ قریشی، اہور ۱۹۸۱ء

۵- تاریخ فرشتہ (اردو)، قاسم فرشتہ، لاہور، ۱۹۸۰ء

۶- تاریخ کشمیر، سید محمود آزاد، باغ آزاد کشمیر، ۱۹۷۰ء

۷- تاریخ کشمیر مسلم عہد میں، صابر آفاقی، لاہور، ۱۹۸۴ء

۸- تاریخ جموں، مولوی حشمت اللہ، لاہور ۱۹۶۲ء

۹- تحفۃ الاحباب قلمی، محمد علی کشمیری، مملوکہ مقالہ نگار

۱۰- تنویر نادر سراج، روشن علی ھندی، تہران، ۱۹۸۶ء

(یہ کتاب میر سید محمد نوربخش کی تالیف "تحفۃ الاحوط" کی اردو زبان میں شرح ہے پہلی جلد کتاب الطہارت پر اور دوسری جلد کتاب الصلوۃ پر مشتمل ہے۔ سید عباس کریسنی بلتستانی نے ایران سے شائع کی۔ لیکن ان کی اچانک موت سے باقی حصہ نامکمل رہ گیا۔

۱۱- جلوہ کشمیر۔ صابر آفاقی، لاہور ۱۹۸۰ء

۱۲- خلاصۃ المناقب، جعفر بدخشی قلمی مملوکہ، مقالہ نگار

۱۳- شباب کشمیر، محمد الدین فوق، میر پور آزاد کشمیر ۱۹۸۸ء

۱۴- طبقات نوریہ، محمد بن محمد صوفی، لاہور، ۱۹۶۹ء

۱۵- قراقرم ھند و کش، منظوم علی، اسلام آباد، ۱۹۸۷ء

۱۶- کشمیر سلاطین کے عہد میں، محب الحسن، اعظم گڑھ بھارت، ۱۹۶۷ء۔

۱۷- کشمیر میں اشاعت اسلام، سلیم خان گمی، لاهور، ۱۹۸۸ء

۱۸-وادئ بلتستان کے مذہبی حالات، عبدالرشید انصاری،کراچی، ۱۹۵۶ء

* * * * *

حواشی و تعلیقات

۱- موسوم به برات لائبریری برق چمن، خپلو بلتستان، شمالی علاقه جات پاکستان.

۲- برصغیر پاک و هند کے مخطوطات کی جامع فهرست آقای احمد منزوی کی فهرست مشترک هے، جس کی سات جلدوں میں ایک ایک کتاب کے متعدد قلمی نسخوں کی نشاندهی کی گئی ہے، لیکن زیر بحث کتاب کا ذکر نہیں ہے۔

۳- تحفة الاحباب ص۵۲۲ مملوکه مقاله نگار کسی نے الف کے اوپر «واثنی، اور من کے اوپر ۱۲۵۰ درج کیا هے اس طرح کتابت کی تاریخ ۱۳ جمادی الثانی ۱۲۵۰ھ بنا دی ہے یه دست اندازی موقع محل، سیاہی، تحریر، سطر اور قلم سے بآسانی معلوم ہو جاتی ہے. اصل تاریخ ۱۳ جمادی الثانی ۱۰۵۰ھ ہے جو متن سے ثابت ہے.

۴- یه کتاب نورالدین جعفر بدخشی نے اپنے مراد میر سید علی همدانی کی سوانح حیات اور تعلیمات پر سپرد قلم کی هے. یه انہوں نے شاہ همدان کی وفات ۷۸۶ھ کے ایک سال بعد ۷۸۷ھ میں مکمل کی، دیکھئے «خلاصة المناقب» قلمی، ص۳ مملوکه مقاله نگار.

۵- تحفة الاحباب ص۷ محوله بالا

۶- ایضا ص۳

۷- ایضا ص ۲۶۳

۸- ایضا ص ۲۶۵

۹- ایضا ص ۲۶۵

۱۰- اقبال اورکشمیر ص ۷۰

۱۱- تاریخ جموں ص ۵۹۱

۱۲- جلوہ کشمیر ص ۱۰۷

۱۳- بالترتیب کشمیر سلاطین کے عہد میں ص ۱۲۳ اور کشمیر میں اشاعت اسلام ص ۱۵۰

۱۴- تحفۃ الاحباب ص ۳۷۷

۱۵- طبقات نوریہ ص ۹۴

۱۶- بالترتیب تنویر سراج ص ۱۰ وادئ بلتستان کے مذہبی حالات ص۵ اور آب کوثر ص ۳۷۲

۱۷- بالترتیب تاریخ کشمیر مسلم عہد ص ۱۳۲، تاریخ کشمیر ص ۳۳۷، کشمیر میں اشاعت اسلام ص ۱۵۰، ایران صغیر و کبیر ص۲۳

۱۸- تاریخ فرشتہ ص ۹۳۳، آئین اکبری ج ۲ ص ۳۸۹، قراقرم ہند و کش ص ۲۰۳، ۲۱۵ کشمیر سلاطین کے عہد میں ص ۹ ۳۳

۱۹- تحفۃ الاحباب ۱۶۳، ۱۶۴

۲۰- ایضا ص ۳۳۹

۲۱- ایضا ص ۳۶۳

۲۲- سلطان زین العابدین کی غیر مسلم نوازی کیلئے دیکھیے شباب کشمیر باب ہشتم۔

۲۳- تحفۃ الاحباب ص ۳۱۰.

۲۴- تحفۃ الاحباب باب چہارم فصل سوم از ۴۳۶ تا ۵۱۸ میں مساجد کی تعمیر کا ذکر موجود ہے۔

۲۵- مورخہ ۱۱-۵-۱۹۸۹ء شمارہ ندارد۔

* * * * *

از عبدالرزاق
شبلی کالج اعظم گڑھ

مطهر اور دیوان مطهر

۱۹٦۲ء میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی میں فارسی کے اساتذہ پروفیسر نذیر احمد اور ڈاکٹر محمد شمعون اسرائیلی صاحبان نے مجھے دیوانِ مطهر کڑہ پر کام کرنے کیلئے کہا لہذا اس سلسلے میں میں نے مطهر اور کلام مطهر سے متعلق مختلف کتابوں اور مخطوطات و مقالات جیسے لٹن فارسی ادب (ضمیمہ ۳۲)، لٹن فارسی ادب (ضمیمہ ۲ج)، مخطوطہ باڈلین (مخطوطہ بتخانہ مرتبہ صوفی مازندرانی وغیرہ)، مخطوطہ دیوانِ مطهر مملوکہ پروفیسر سید مسعود حسن رضوی، اداۃُ الفضلاء مؤلفہ قاضی بدر محمد دهلوی مؤرخہ ۸۱۲-۸۲۲هجری، احوالُ الشعراء (بتخانہ)، اخبارُ الاخیار اور تذکرہ مصنفینِ دهلی (تالیفات شیخ عبدالحق دهلوی)، انجمن آرای ناصری، عرفات العاشقین (تقی اوحدی)، بیاض فارسی (برٹش میوزیم)، فرهنگِ جهانگیری، فرهنگِ رشیدی، فتوحاتِ فیروز شاهی (از سلطان فیروز شاہ)، انشاءِ ماهرُو (بقلم ملک عین الملک)، خیرالمجالس (تصحیح و ترتیب از پروفیسر خلیق احمد نظامی)، لغت نامۂ دهخدا، مجمعُ الفصحاء (تصنیف رضا قلی خان هدایت)، مجمع النفائس، مخزنُ الغرائب، منتخبُ التواریخ، نزهۃُالخواطر، نذرِرحمن، ریاض

الشعراء، شرح مخزن الاسرار، سیرتِ فیروز شاهی (مخطوطه)، صبحِ گلشن، تاریخ فیروز شاهی مؤلفه ضیاءالدین برنی، تاریخِ فیروز شاهی مؤلفه شمس سراج عفیف، تاریخِ محمدی بقلم محمد بهامدخانی، تاریخِ فرشته، تاریخِ مبارکشاهی، تاریخِ عصرِحافظ، یدِبیضا، مطهرِ کڑه (مقاله از پروفیسر وحید مرزا لکهنؤ)، قصائدِ مطهر (از مولانا حبیب الرحمن خان شیروانی)، مطهر آف کڑه (محمد شمعون اسرائیلی صاحب کا انگریزی میں مضمون)، کچھ مطهر کے بارے میں (مقاله از پروفیسر سید حسن پٹنه)، Some Religious and Cultural Trends of Tughluq Period اور An Indian Medieval Madrasah (دونوں خلیق نظامی صاحب کے قلم سے)، ظهور الاسرار نامی اور مطهر کڑه (مولانا امتیاز علی عرشی)، "کچھ مطهر کے سلسله میں" (شبیر احمد خاں غوری اله آبادی، History of India by Elliot & Dowson اور سیرالمتأخرین سے استفاده کیا اور مختلف مخطوطات کا مقابله و موازنه کیا. پیشِ نظر مقاله اسی کا نچوڑ هے.

مُطَهرٌ فیروز شاه تغلق کے دور کی ایک اهم ادبی شخصیت هے. مگر بد قسمتی سے معاصر تاریخوں اور تذکروں میں اس کا کماحقه ذکر نهیں هے. البته برٹش میوزیم والے تذکره کے مرتب نے جو همارے شاعر کا همعصر هے اسکے دو طویل قصیدوں کو اپنے انتخاب میں شامل کیا هے. ایک اور معاصر شارحِ "مخزنِ اسرار" و جامعِ"بحرالفضائل" محمد بن قوام نے همارے شاعر کو "افضلُ العصر" کا خطاب دیا هے. ان باتوں سے اپنے دور میں انکی شهرت و مقبولیت کا ثبوت ملتا هے.

نام و تخلص

کسی بهی تذکره نویس نے مطهر کے نام کا ذکر نهیں کیا هے اور نه هی دیوان سے اس کا پته چلتا هے. پٹنه کے پروفیسر سید حسن صاحب

نے دربارِ شاہ شجاع (۷۳۳-۷۸۶ھ) کے ایک شاعر سید عزالدین مطہر بن عبداللہ بن علی الحسنی ایرانی اور مطہر کڑہ کو ایک ھی شخص ثابت کرنے کی کوشش کی ھے. محترم پروفیسر نے یہ نتیجہ اس البم سے اخذ کیا ھے جو تاج الدین احمد وزیر نے اپنے دور کے شعرا کی خود نوشت نظموں سے تیار کرائی تھی. بیاضِ مذکور میں عزالدین مطہر کے ھاتھ کے لکھے ھوئے ۱۵ رجب ۷۸۲ ھجری کے کچھ قصائد ھیں. حسن صاحب کی دلیل یہ ھے کہ ایک ھی تخلص کے دو شاعر ایک ھی دور میں نہیں ھو سکتے. نیز انھوں نے ایک مصرع اور کچھ مشترک فقرے پیش کئے ھیں جو ان کی رائے میں توارد نہیں کہا جا سکتا. میرے خیال میں دونوں دلیلیں ضعیف ھیں. ایک ھی وقت میں دو کیا بہت سے شاعر ایک ھی تخلص کے ھو سکتے ھیں. نظامی عروضی کا شعر"

در جہان سہ نظامیم ای شہ
که جہانی ز ما بافغانند (۱)

ھی اسکی کافی دلیل ھے. اسکے علاوہ ھمارے پاس موصوف کی دلیل کے خلاف ایک تاریخی شہادت بھی ھے. سید صاحب کی دلیلوں سے صاف ظاھر ھے کہ مطہر نہ صرف ۷۸۲ھ میں ایران میں تھا بلکہ اس تاریخ سے پہلے اور بعد بھی. مگر ھمیں یقیناً معلوم ھے کہ دربارِ فیروز شاہ تغلق کا مطہر ۷۵۰ھ سے پہلے سے لیکر غالباً ۷۸۹ھ تک ھندوستان میں تھا. لہذا اسے اُسکے ایسے ایرانی ھمنام سے بالکل ملادینا عملاً نا ممکن ھے جو ان تاریخوں کے دوران ایران میں ھو گا. یہ تجویز کرنا بالکل نامناسب ھے کہ جو شخص ۷۷۰ھ میں اور اسکے بعد بھی، اسیطرح ۷۸۹ھ میں اور اسکے پہلے بھی یقیناً ھندوستان میں تھا ۷۸۲ھ سے پہلے اور اسکے بعد بھی ایران میں تھا. اسلئے احتیاط اسی میں ھے کہ ھم دونوں کو الگ الگ سمجھیں اور ایرانی مطہر کا نام اور نسب ھندوستانی مطہر کو نہ دیں.

تخلص وغیرہ کے بارے میں بھی اختلاف ھے۔ دو اھم تذکرہ نویسوں یعنی تقی اوحدی اور رضا قلی خان ھدایت نے ھمارے زیرِ بحث شاعر کو دو الگ الگ شخصیتیں یعنی "ایرانی مہاجر مظھرِ گجراتی" اور "مظھرِ ھندی" سمجھا ھے۔ حالانکہ حقیقت میں دونوں ایک ھیں کیونکہ دونوں سے منسوب اشعار ھمارے شاعر کے دیوان میں موجود ھیں لھذا مسئلہ حل ھو گیا۔ یہ بھی واضح ھو گیا کہ تقی اور ھدایت دونوں نے غلطی سے اسے دو الگ الگ شخصیتیں سمجھا ھے اور اس کا تخلص مُطَھرّ کے بجائے مظھر لکھا ھے۔ دونوں حضرات شاعر کا مجموعہ کلام دستیاب نہ ھونے کیوجہ سے اپنی غلطی دور نہ کر سکے۔ "عرفات" کے مصنف نے بذاتِ خود دیوانِ مَظھر کو دیکھنے کا دعوی کیا ھے مگر میں دو وجھوں سے اس بات سے اتفاق نہیں کرتا:- اولاً یہ کہ دونوں شاعروں سے متعلق اشعار اسی دیوان میں دیکھے جاسکتے تھے، ثانیاً یہ کہ لفظ "مظھر" (--) کا وزن "مُطھرٌ" (ں--) سے مختلف ھونے کیوجہ سے آسانی سے غلطی کی اصلاح ھو سکتی تھی اگر اس نے مَظھر کے بجائے اصل تخلص مُطَھرٌ والے اشعار پر غور کیا ھوتا۔

مُطَھرّ اور شرحِ مخزن:

مشھور فاضل مولانا امتیاز علی عرشی کا مضمون "ظھورالاسرار نامی اور مُطھرِ کڑہ" "معارف" اعظم گڑھ کے جولائی۔ اگست ۱۹۳۱ء کے شماروں میں چھپا تھا اسمیں موصوف نے ثابت کرنے کی کوشش کی ھے کہ "شرحِ مخزنُ الاسرار" جو ۹۵۰ھ میں لکھی گئی تھی اور غلطی سے ظھورالحسن کے نام سے چھپ گئی ھے حقیقت میں مُطھرِ کڑہ نے لکھی تھی۔ اُن کی یہ دلیل کہ "شرح" طباعت کیوقت غلط نام سے منسوب ھو گئی تو صحیح ھے مگر انکا یہ خیال کہ شارح مطھر کے علاوہ کوئی اور نہ تھا شھادت کی کسوٹی پر پورا نہیں اترتا۔ "شرح" عموماً محمد بن قوام بن رستم بدر خزانۃ البلخی الکرئی سے منسوب کی گئی ھے۔ شارح اور

مطهر کو ایک ثابت کرنے کیلئے مولانا عرشی نے مندرجه ذیل باتیں کهی هیں:- (۱) شاعر اور شارح دونوں ایک هی دور کے هیں (۲) دونوں ایک هی جگه کے باشندے تهے (۳) شرح کے مخطوطات میں سے کم از کم ایک یا دو میں لکهنے والے کا نام مطهر بن قوام هے (۴) شرح میں انهی شعرا کا حواله دیا گیا هے جنکا ذکر دیوانِ مطهر میں هے. (۵) شارح "نصاب العقلاء" کا مصنف هے جبکه "نصابُ الاخوان" نامی اُسی درجه کی کتاب مطهر سے بهی منسوب هے. ظاهر هے ان میں سے کوئی دلیل بهی قطعی نهیں هے. تیسری بات میں کچھ وزن هے مگر عرشی صاحب نے اسے باقاعده ثابت نهیں کیا هے. مصنف کا نام بے شک دو مخطوطوں میں مطهر بن قوام ملتا هے مگر کم از کم ایک درجن مخطوطات میں محمد بن قوام موجود هے اور مؤخرالذکر قسم میں شرح کے بعض بهترین نسخے شامل هیں. مزید برآں، اسی مصنف نے "بحرالفضائل" نام کی ایک اهم فارسی لغت بهی لکهی هے جسکے تمام دستیاب نسخوں میں صاحبِ تصنیف کا نام محمد بن قوام بن رستم بدر خزینة البلخی الکرئی ظاهر هے جس سے مصنف کے نام کے بارے میں کسی قسم کا شبهه نهیں ره جاتا. بالفاظِ دیگر شارحِ مخزن اور لغت نویس ایک هی شخص هیں اور وه محمد بن قوام بن رستم هیں. نیز مندرجه ذیل نکات اس بات کا بیّن ثبوت هیں که شارح اور شاعر مطهر ایک شخص نهیں تهے اور هو بهی نهیں سکتے:

(۱) شارح نے اپنی "شرحِ مخزن" میں ان الفاظ سے مطهر کو یاد کیا هے: "افضل العصر مولانا مطهر فرماید"- یه جمله دو الگ الگ شخصیات کا تعین کر دیتا هے.

(۲) شرح ۷۹۵هـ میں لکهی گئی اور فرهنگ بیالیس سال بعد لگ بهگ ۸۳۷ هـ میں (۲) تصنیف هوئی. اس سے ثابت هے که پهلی کتاب مصنف کے ابتدائی آثار میں سے هے. مطهر کے بارے میں همارى معلومات اسکے بالکل برعکس هیں. همارا شاعر دورِ فیروز شاهی کے

آغاز کے آس پاس اپنی شہرت کے عروج پر تھا اور فیروز شاہ ۷۵۲ھ میں تخت نشین ہوا۔ علاوہ ازیں عین الملک کی مدح میں اسکے قصاید، اور ۷۵۷ھ میں شیخ نصیرالدین محمود کی وفات پر اسکا مشہور مرثیہ فیروز شاہ کے ابتدائی دورِ حکومت میں مطہر کے شاعرانہ مقام کی واضح تصدیق کرتے ہیں۔ مطہر جیسا کہ بعد میں آئے گا، ۷۱۶ھ کے آس پاس پیدا ہوا۔ وہ ۸۳۷ھ میں لکھی ہوئی کتاب کا مصنف نہیں ہو سکتا۔ لہذا شارحِ مخزنُ الاسرار اور ہمارا شاعر الگ الگ ہیں۔

(۳) اب اصل دیوان سے کچھ ایسے اشعار درج کئے جارہے ہیں جن سے ثابت ہے کہ شاعر کا تخلص مُطَہرٌ تھا نہ کہ مَظہرَ:-

مُطَہرٌ در ثناخوانی چو دُر افشانست دربایت
کنونت از سرِ اخلاص دست اندر دعا کرده (۴)

مسکین مظفر (مطهر) ست چو در مدحِ آستانت
اُو را ز لطف مرهمِ جانِ خراب ده (۵)

مُطهرٌ آنکه دربای سگانش خاکِ ره گردد
بلند اختر سری باید تو آن دولت کجا داری (۶)

مُطهرٌ بنده کمتر که میراثِ پدر دارد
درین درگه دعا گوئی درین حضرت ثنا خوانی(۷)

مولد اور تاریخ پیدائش:

شاعر کی جائے پیدائش کا پتہ نہیں۔ کچھ لوگ اُسے ایرانی بتاتے ہیں اور کچھ مؤرخ ہندوستانی لکھتے ہیں۔ (۸) اسکے دیوان سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ کسی دوسری جگہ سے ہندوستان آیا۔ عین الملک کی مدح میں وہ لکھتا ہے کہ میں اپنے اعزہ سے منقطع ہو کر بہت دور سے آپکے دیدار کیلئے آیا تھا۔ مثال کے طور پر چند اشعار حسب ذیل ہیں:-

بختِ میمونت بلندست که آورد مرا
در جنابِ تو جدا کرده ز چندان دور
من ازآن قوتِ اخلاص که از چندین دور
بستم احرامِ درت با همه خیل و احفاد (۹)
ولی مباد که افتد چو من کسی تنها
در این چنین نفسی از دیار و از احباب (۱۰)

اسی طرح مدرسہ فیروز شاہی کے مشہور استاد مولانا جلال الدین رومی سے دھلی میں مستفید ہونے کے لئے اُسے دور سے آنے میں صحرا اور پہاڑ سے گذرنا پڑا. اسطرح کی دوری سے مراد دھلی سے دور ہندوستان ھی میں کوئی جگہ بھی ھو سکتی ھے اور یہ بھی ممکن ھے کہ وہ ایرانی رھا ھو جو ہندوستان میں آکر مقیم ھو گیا ھو. ہندوستان میں اسکی رھائش کے بارے میں بھی دیوان سے کچھ پتہ نہیں چلتا. اسکے لئے پھر ھمیں خارجی شواھد پر سہارا لینا پڑتا ھے جو اس سلسلے میں بھی مختلف ھیں. کچھ اُسے کڑہ کا باشندہ قرار دیتے ھیں اور کچھ حضرات اُسے گجراتی لکھتے ھیں. چونکہ گجرات میں بھی ایک جگہ کا نام "کری" ھے لھذا کم از کم پروفیسر شیرانی (۱۱) کی رائے میں یقینی طور پر نہیں تو امکانی طور پر تو مطہر کی جائے رھائش "کری" ھو ھی سکتی ھے• مگر اندرونی اور بیرونی شواھد کی بنا پر ھمیں یھی فیصلہ کرنا پڑے گا کہ مطہر کڑہ میں مشرقی علاقے میں رھتا تھا. اسکے ممدوحین میں ملک الشرق خطاب رکھنے والے متعدد اشخاص پائے جاتے ھیں جیسے ملک الشرق ملک عین الملک، ملک الشرق ملک حسام الدین، ملک الشرق ملک علاؤالدین اور ملک الشرق ملک نظام الملک وغیرہ. ان باتوں سے اس کا زیادہ تعلق مشرق ھی سے معلوم ھوتا ھے.

خاندانی حالات:

اسکے آباؤ اجداد کے بارے میں بھی ھمیں علم نھیں ھے. البتہ دیوان سے پتہ چلتا ھے کہ اس کا خاندان بھت بڑا تھا چنانچہ خود کھتا ھے.

ترا خویش و فرزند و خیل و تبار
فزون از ھزارند گر بشمری

اسکا خاندان خوشحال تھا اور خاندان کے بعض افراد اونچے عھدوں پر فائز تھے.

مثلاً:

من ھم نشین شاھم و ھم ھم نژاد خان
من ھمدمِ امیرم و ھم ھمسر وزیر

اسکے والد تغلقوں کے شاھی دربار سے متعلق معلوم ھوتے ھیں جیسا کہ اس شعر سے پتہ چلتا ھے.

مطھر بندہ کمتر کہ میراثِ پدردارد
درین درگہ دعا گوئی درین حضرت ثناخوانی

اس شعر سے بھی اس کا ھندوستانی ھونا ثابت ھوتا ھے.

دربار شاھی سے تعلق:

اسکے ابتدائی قصائد میں سے وہ قصیدہ ھے جو ملک عین الملک کی تعریف میں ھے اور اسطرح شروع ھوتا ھے:-

چون برآورد شھنشاہ فلك رایتِ نور
شد طراز علمش طلعتِ شعری عبور

یہ نظم اس وقت لکھی گئی جب عین الملک مشرقی علاقے میں گورنر تھا جیسا کہ یہ شعر شاھد ھے:-

لیك چون مدت خرمانست هنوزم باقی
بود والا ملك الشرق سوی غازی پور

اس سے پتہ چلتا ھے کہ عین الملک محمد بن تغلق شاہ کے دور میں اس علاقے کا گورنر مقرر ھوا۔ نیز یہ کہ مطھر کی شاعری کی شہرت محمد بن تغلق کے دور میں ھی ھوگئی تھی مگر اسکے دربار سے وابستگی کا ثبوت نہیں ملتا۔

تختِ دھلی پر فیروز شاہ کے متمکن ھونے کے بعد مطھر نے اپنا تعارف کراتے ھوئے اسکے مدح میں قصائد لکھنے شروع کئے اور شاعر کی حیثیت سے دربار سے وابستگی کی آرزو ظاھر کی۔ کچھ ابتدائی اشعار اسطرح ھیں:-

عهدی چنین مبارك و ملکی چنین لطیف
شاهی چنین کریم و ملوکان چنین مثاب
بر خیز این قصیده هم امروز کن تمام
فردا برو بحضرتِ سلطان کامیاب
فیروز شه که روزِ وغا هر غلامِ او
صد چون سکندرست و دوصدچون فراسیاب

کئی قصائد میں اس کا ذکر ملتا ھے۔ آخر عین الملک کی سفارش پر شاھی دربار سے تعلق قائم ھو جاتا ھے۔

فیروز شاہ اور اسکے خواص کے علاوہ شاعر نے علما و فضلا اور مشائخ صوفیہ کی شان میں بھی قصائد لکھے ھیں۔

مطھر کے آخری ایام:

مطھر کے آخری دنوں کے بارے میں داخلی شواھد کے علاوہ ھمارے پاس معلومات نہیں ھیں۔ ملک حسام الدین کی مدح میں ھمیں ۷۷۰ھجری کا ذکر ملتا ھے۔

ترا به هفصد و هفتاد هجر مدتِ عمر
چو عمرِ نوح نبی باد نهصد و پنجاه

آگے چلکر سلطان ناصرالدین محمد شاہ کی مدح میں ایک قصیدے میں ۷۸۹ ھ میں مطہر نے اپنی عمر ۷۳ سال بتائی ھے جھاں ان الفاظ میں اپنا حال بیان کرتا ھے:-

من هم چو دیدم اینکه چو هفتاد وسه گذشت
عمر و فلك بر اینست که پشتم دوتا کند
ابنا و اقربا و تبار و تبع هنوز
میخواهدم برنج و تعب مبتلا کند
در خواستم ز شاه چو دیهی که شه مرا
داد این عطا برحمت اولاد را کند
و این خسته با فراغ نشیند بگوشه ای
حمد خدای گوید و شه را دعا کند

شخصیت اور کارنامے:

اھل تاریخ و تذکرہ شاعر کی شخصیت اورر کارناموں کے بارے میں مندرجہ ذیل اطلاعات فراھم کرتے ھیں:

اخبار الاخیار: "مولانا مطھر کڑہ کا ان ھمعصر علماء میں شمار ھے جنھوں نے شیخ نصیرالدین محمود سے بیعت کی۔ وہ علم و فضل اور فصاحت و بلاغت میں اپنی مثال آپ تھا۔ شیخ کی اسپر خصوصی توجہ تھی۔ شیخ کی مدح میں اس کا قصیدہ بھی ھے۔

تذکرہ مصنفین دھلی: "مولانا مطھر سلطان فیروز کا شاعر بلکہ اس سے بھی بڑہ کر تھا۔ اسکے اشعار فصاحت و بلاغت سے خالی نھیں ھیں۔"

منتخب التواریخ بدایونی: "(فیروز شاہ کے ھمعصر شعرا اور

درباریوں میں سے)دوسرا مولانا مطهر کڑه هے جسکی اولاد اس وقت شهر لکهنوتی میں آباد هے. وه باپ دادا کے زمانے سے شرفا میں هیں چونکه اسکی ملائی شاعری پرغالب هے لهذا اسکے اشعار کی زیاده قدروقیمت نهیں. اسکے باوجود اگر کاوش سے کام لیا جائے تو اسکے کلام میں اچهی اور نادر چیزیں مل جائیں گی.

احوال الشعرا (بتخانه) «مطهر انتهائی خوش بیان اور شیرین طرز هے. تاریخوں اور تذکروں میں مجهے اس کا نام نهیں ملا. مولانا محمد صوفی مازندرانی "مرتب" بتخانه کو اس کا کلام خسته حالت میں دهلی کی پرانی تحریر میں لکها ملا. بغور مطالعه کے بعد اسکی نقاد طبیعت کو پسند آیا. اسکے اشعار آسان اور بے تکلف هیں. اس کا کلام ظاهر کرتا هے که علوم و فنون میں ماهر تها اور اسکے باپ دادا اعلی سرکاری عهدوں پر تهے.»

عرفات العاشقین: "مولانا مظهر اپنے زمانے کے فضلا اور پخته کلام شعرا میں سے هے... اسکی طبعیت موزوں هے اور اشعار سلیس اور هموار هیں. میں نے اسکے تقریباً آٹه هزار شعر دیکهے."

مجمع النفائس: "مولانا مظهر گجراتی. اپنے زمانے کا فاضل اور پخته کلام شاعر هے.... بهر حال اسکی طبیعت میں روانی تهی."

مخزن الغرائب: "قادر الکلام شاعر هے."

صبح گلشن: "اسکے علم و فضل کا جوهر آزموده اور نظم و نثر کی نقد کهری اور خالص هے. وه شیخ نصیرالدین محمود چراغ دهلی قدس سره کا مرید اور سلطان فیروز شاه کا مقرب بارگاه تها. ناظم تبریزی نے اسکو شیرین زبان اور نمکین بیان شاعر لکها هے".

نزهۃ الخواطر: "قاضی مظهرالدین کڑه - شیخ مظهرالدین حنفی کڑوی فاضل، صوفی مشهور علما و فضلا اور جید شعراء میں سے تها.

اسکے اشعار بهترین اور روان هیں. فیروز شاہ کا ندیم اور مقرب تھا."

مجمع الفصحا: "مظهر هندی قاضی آگرہ اور باخبر شخص هے."

تاریخ محمدی: "ختم الشعرا مولانا مظهر جو بلاغت و سلاست میں بے نظیر تھا اس پیر با سعادت (شیخ نصیرالدین محمود) سے مریدی کا رشته رکھتا تھا اور اسکی (شیخ با صفا کی) مدح میں ایک بلیغ اور روشن قصیدہ لکھا اور بیعت کے وقت اس پیر با سعادت کے سامنے پڑھا اور گوناگوں عنایتوں سے مخصوص هوا. قصیدہ مذکور انتهائی لمبا هے مختصر کرکے اس تاریخ میں لایا گیا هے تاکه قارئین کو نفع هو." «ختم الشعرا مولانا مطهر نے اس مردِ خدا شیخ باصفا کے مرثیه کے بارے میں ایک طویل اور روشن قصیدہ لکھا هے. مختصر کرکے اس تاریخ میں درج کیا گیا هے."

"ختم الشعرا مولانا مطهر نے اس بندہ پرور بادشاہ (فیروز شاہ) کی مدح میں ایک بلیغ و طویل قصیدہ کها هے اور ابتدائے جلوس سے دارالحکومت دهلی پهنچنے تک شاهی جهنڈوں کی پوری کیفیت و شرح اسمیں درج کی هے. اسمیں سے چند ابیات مختصر کرکے...."

"ختم الشعرا مولانا مطهر سب سے زیادہ قرب اور اختصاص رکھتا تھا اور تشریفات و انعامات سے مخصوص و ممتاز هوتا تھا چنانچه مولانای مذکور کا اکثر دیوان اس بادشاہ کی تعریفوں سے پُر هے اور اس پسندیدہ نشانیوں والے بادشاہ کی کیفیت جسکی پوری تفصیل هے مولانای مذکور کے چنداشعار میں، جو اس زبردست حکومت کے لیے دعا کے طور پر هیں، مختصراً بیان کی گئی هے."

مولانا مطهر کی اعلی شخصیت اور علمیت سے متعلق محمد بن قوام بلخی الکرئی جیسے دانشمند کی چشم دید شهادت موجود هے جس نے اپنی مشهور تصانیف" شرح مخزن الاسرار" اور "بحر الفضائل" (فارسی

کی فرہنگ) ۹۵ے اور ۸۳ے ھ کے دوران تیار کیں. اس نے مولانا مظہر کے مندرجہ ذیل شعر کا حوالہ اپنی فرہنگ میں اس طرح دیا ھے «افضل العصر مولانا مظہر فرماید:

درسخاوت بکو دکان ماند
بدھد زود و زود بستاند

"فرہنگ جہانگیری" اور "انجمن آرای ناصری" میں بعض الفاظ کی تشریح کیلئے مظہر کے اشعار کو دلیل بنایا گیا ھے جو فارسی زبان پر شاعر کی استادی کا ثبوت ھے:

جدید مقالہ نگار (جنکے نام اس مقالہ کے شروع میں درج ھیں) بھی شاعر کے قابل تحسین اوصاف کے قائل ھیں اور انھوں نے موصوف کے کمالات پر خراج عقیدت پیش کیا ھے:

مظہر نے عربی اشعار بھی لکھے ھیں جو دیوان مین دیکھے جاسکتے ھیں مگر غیر عربی دان کاتبوں کی غلطی سے پوری طرح خواندنی نہین ھین. یہ اسکی عربی زبان پر قدرت کا ثبوت ھین. عربی و فارسی کے اسکے کلام سے بھی مختلف علوم و فنون مین اسکی مہارت ظاہر ھے. اسی طرح جابجا عربی و فارسی کے مشہور شعرا و ادباء اور حکیموں و فلسفیوں اور مستند و معرکۃ الآراء کتب کا ذکر اسکی قابلیت و لیاقت کی دلیلیں ھین.

دیوان مظہر کی تاریخی و ثقافتی اھمیت

جیسا کہ خارجی و داخلی شواھد سے ثابت ھوا ھے مظہر کڑہ (الہ آباد) کا رھنے والا تھا. تغلقوں خصوصاً فیروز شاہ تغلق (۷۵۲ے-۷۹۰ے) سے اس کا خاص تعلق تھا. اسکے دیوان کا ابھی تک مکمل نسخہ نہین مل سکا مگر ناقص مخطوطات کے علاوہ معاصر اور بعد کی تصانیف سے اسکے تقریباً چھ ھزار اشعار جمع کئے گئے ھین. بعض تذکرہ نگاروں نے اسکے

اشعار بیس هزار تک لکھے ھیں۔ شاعر کے ھمعصر اور «شرحِ مخزنِ اسرار»(۱۲) و «بحرالفضائل»(۱۳) کے مصنف محمد بن قوام نے اُسے «افضل العصر» کا خطاب دیا ھے۔ «تاریخ محمدی»(۱۴) میں محمد بھامد خانی نے ھمارے شاعر کو«ختم الشعرا مولانا مطھر» کے القاب سے جا بجا یاد کیا ھے. قرائن سے اندازہ ھوتا ھے کہ اسکی تاریخِ پیدائش اور تاریخِ وفات ۷۱۶ھ اور ۷۹۶ھ ھیں. آیندہ صفحات میں دیوانِ مطھر کی علمی، ثقافتی اور تاریخی اھمیت کو بیان کیا گیا ھے۔ اور حسبِ موقع اشعار پیش کئے گئے ھیں. مطھر کو ایک طرف تو فیروز شاہ تغلق کا مقرب اور درباری شاعر ھونے کا شرف حاصل تھا اور دوسری طرف حضرت نظام الدین اولیاء(رح)کے جلیل القدر خلیفہ خواجہ نصیرالدین محمود چراغ دہلی کی خصوصی توجہ اور نسبتِ بیعت حاصل تھی. دیوان میں زیادہ تر قصائد اور بند شامل ھیں. جن میں فیروز شاہ تغلق، ناصرالدین محمد شاہ تغلق ان کے اُمراء و خواص جیسے ملک الشرق ملک عین الملک ماھرو، ملک الشرق ملک حسام الدین، ملک شمس الدین سلیمان بن مروان شاہ، ملکزادہ حاجی سیف الدین، ملکزادہ اختیارالدین، ملک الشرق ملک علاؤالدین، ملک الشرق ملک نظام الملک، ملک سعد بن سلیمان، ملک علی، شمس الحق ایرانشاہ، خواجہ حاجی، خواجہ ضیاء الدین، خواجہ محمود، میر یوسف اور اُدباء و شعرا و عُلماء و مشائخ جیسے استاد جمال الدین اِستاجی(۱۵)، مولانا جلال الدین رومی (پرنسپل فیروز شاھی کالج)، خواجہ نصیرالدین محمود، اُنکے بھانجے شیخ زین الدین اور صدرالشیوخ خواجہ شمس الدین وغیرہ کی مدح کی گئی ھے.

بد قسمتی سے دیوان کا ایک حصہ دستیاب نہیں ھو سکا. مگر جتنا موجود ھے اس سے پتہ چلتا ھے کہ مطھر محض شاعر ھی نہیں تھا بلکہ وہ اپنے گرد و پیش کے حالات و واقعات سے پوری طرح باخبر تھا لھذا اسکے کلام سے اس دور کے سیاسی و سماجی حالات کا مُطالعہ اور ثقافتی و تاریخی

نقطہ نظر سے اسکے دیوان کا جائزہ مستحسن اور مفید معلومات کا ذریعہ ھے۔

دیوان میں ایسے متعدد تاریخی واقعات ملتے ھیں جنکی تائید معاصر یا بعد کی تواریخ سے بھی ھوتی ھے۔ مثلاً:-

۱. ابتدا میں عین الملک دھلی دربار میں ممتاز عہدہ پر فائز تھا مگر بعد میں وزیراعظم خانجھان اور اسکے درمیان کشیدگی کی بنا پر اُسے معطل کر دیا گیا۔ تعطل کی مختصر مدت میں عین الملک بادشاہ کی خدمت میں حاضر نہیں ھوا۔ بھرحال عین الملک کو بحالی کے بعد خانجھان کی ماتحتی سے ھٹا کر ملتان کا گورنر بنا دیا گیا(۱٦). اپنے ممدوح کی بحالی پر شاعر کی خوشی فطری چیز تھی لھذا اس کا اظھار اشعار میں اسطرح کیا ھے۔

حمد حق را که رسید آنچه مراد دل ماست
و آنچه از حضرت حق جان مُحبان می خواست
خاک در چشم بدان کرده بکام دل دوست
آفتاب علمش عرصه عالم آراست
باز در مسند شاهی بسعادت بنشست
باز آواز طرب غلغله در عالم خاست
الحق آن مقدم میمون چه مبارک عیدست
وین سحرگاه منور که همایون چو هماست
روز شادی و خوشی وقت سماع و طربست
نوبت نوش و نشاطست و گه نشو و نماست
ملک الشرق فلک قدر ملک عین الملک
کافتاب کرم و سایه الطاف خداست (۱۷)

۲. سلطان فیروز شاہ تغلق تاریخ میں عظیم معمار کی حیثیت سے مشھور ھے۔ اس نے بھت سی عمارتیں بنوائیں، نھریں کھدوائیں، بھت سے

شهر بسائے. دیوان کے بہت سے اشعار سے تعمیرات اور شہروں کی آبادی کا پتہ چلتا ہے. مثلاً ذیل کے اشعار ملاحظہ ہوں:-

فیروز شه که خاطرِ فرخنده رای او
حکمت شعار ساخت و شریعت دثار کرد
چندان رباط و مدرسه و خانقاه ساخت
چندان سرایے و مسجد و حوض و حصار کرد
کز آب سند تا درِ دهلی همه دیار
از باغ و کشت جنت و دارالقرار کرد
شهری دگر چو خلد برین برکنارِ جُون
آباد هم بنامِ شهِ نامدار کرد (۱۸)

اشعارمذکورہ میں شریعت کو اپنا قانون بنانے اور جابجا مدرسے، خانقاهیں، مسجدیں، سرائیے، مسافر خانے، حوض، قلعے بنوانے کا ذکر ہے. نیز یہ کہ دریائے سندھ سے دهلی تک باغات اور کھیتوں کا بیان ہے. آخری بیت میں دریای جمنا کے کنارے شہر فیروزآباد کے بسانے کا ذکر ہے. اور مندرجہ ذیل شہر اسلام آباد کی آبادی کیطرف اشارہ کرتے ہیں:-

حبُذا باغ ارم بقعه اسلام آباد
که بر اسلام بنا کردنِ او میمون باد
خاصه بر ذات خداوند ملک عین الملک
که بیاراست جهان را از دو نفس دانش و داد (۱۹)

دوسرے شعر میں اسلام آباد سے عین الملک کی نسبت ثابت ہے.

فیروزآباد

حبُذا شهرِ گزین حضرتِ فیروزآباد
که در و جوی خلودست بناها بغداد
هر طرف طرفه عمارت اِرَمَ ذات عماد
هر سوی نزهتِ صحرا و تماشای سواد

لشکر آسوده، رعیت خوش و بازاری شاد
اینك آن شهر گز انصاف سخن خواهی داد
کو بگو در همه آفاق کسی دارد یاد
اینچنین جنتی آراسته بر آب روان (۲۰)
اینچنین شهر نکو در همه آفاق کجاست
و اینچنین قصر ز شاهان جهانگیر کراست
کاب او آب حیاتست و هوا جان افزاست
آن نم چشمه خضروان دم عیسی بدعاست (۲۱)

فیروزآباد کی تأسیس کے بارے میں تاریخ فیروزشاهی میں شمس سراج عفیف کی معاصر شهادت اسطرح هے: «دهلی کے قرب و جوار میں.... دریای جمنا کے کنارے موضع کاوین کی زمین منتخب کی گئی اور شهر فیروزاباد کی بنیاد لکهنوتی کیلئے دوباره روانه هونے سے پهلے پڑی» (۲۲)

قصر شهنشاهی

قصری درو چو ماه برآورد و چون نجوم
برگرد خانهای ملوك کبار کرد (۲۳)
یارب این قصر چه قصریست که دل بر بودست
و این چه جایست کزو راحت جان افزودست
قصر گر اینست عمارات جهان بیهودست
وانکه کردست جز این یاد هوا پیمودست
چرخ بر منظر او نقطه نیل اندودست
تابگردش نرسد چشم رخی از دوران (۲۴)

ان اشعار میں شاهی محل کو عالم میں بے نظیر اور چاند کیطرح بتایا جس کے اردگرد اُمرا وُزراء کے گهر ستاروں کی طرح هیں. آینده

شعروں میں محل کے گنبد کی خوبصورتی، نقش و نگار، آسمان کیطرح اسکی بلندی، درودیوار اور جنت کیطرح باغ و بہار کا نقشہ کھینچا ھے:-

قُبّہ قصر

قبّہ قصرِ همایونِ شه شیر شکار
که بطینت چو بهشتست بزینت چو بهار
آسمانی ز نجوم ست پراز نقش و نگار
بوستانی ز ریاحین است پر از مشکِ تتار
قصرِ همدان وارم صحنِ وی وُصفه بار
طاقِ کسریش در و سدِّ سکندر دیوار
لاجوردش زسپهرست و سپیده ز اشجار
آبِ زر ریخته بر چشمه خورشید روان (۲۵)

مسجد جامع

یحیی بن احمد کی تاریخ مباکشاھی میں فیروز شاھی جامع مسجد اور مدرسہ کا ذکر اسطرح آتا ھے:- «اُسی سال (یعنی ۵۳ے هجری) کوشک کے پاس جامع مسجد اورحوضِ خاص پر مدرسہ تعمیر کیا» • مطہر نے اس بلند، بےنظیر، بهترین سنگ مرمر سے بنی ھوئی اور طاقوں سے بھری ھوئی جامع کا یوں نقشہ کھینچا ھے:-

مسجدِ جامعِ او بسته ز جوزاست نطاق
طاق در طاق یکی عالم و در عالم طاق
بر سماکین سر و بر سمکُ الارضش ساق
خود چنان جای ندیدست کسی در آفاق
نه در اطرافِ خراسان نه در اقصای عراق
نه در اقلیمِ خطا و نه حدودِ خفچاق

همه از سنگ رخام ست روشها و رواق
همه از مرمر صافی ست ستون بر اطلاق
طاقهایش همه عالی و طبقهای براق
منبرش نادر و محراب عجیب الالوان (۲۶)

رصد گاہ

شمس سراج عفیف نے رصدگاہ کا ذکر یوں کیا ہے:- «ان نادرات میں سے ایک طاس گھڑیالہ تھا۔ جب سلطان فیروز شاہ ٹھٹھ کی مہم سے واپس دھلی شہر میں آیا.... طاس گھڑیالہ کو قائم کرنے کیلئے غور و خوض کی نشست رکھی۔ اُسی میں حضرت شاہ فیروز اور دربار کے نجومیوں کو کئی دن ہو گئے.... اور اس طاس گھڑیالہ کو شہر فیروزاباد کے شاہی دربار پر لگا دیا تھا۔(۲۷) مظہر نے مندرجہ ذیل شعروں میں بتایا ہے کہ تاریک راتوں اور ابر کے دنوں میں نماز و روزہ کے اوقات جاننے کے لئے پبلک کی سہولت کے پیش نظر ایک بہت بڑی گھڑی شاہی عمارت کی بلندی پر نصب کی گئی۔ اشعار ملاحظہ ہوں:-

طاسی برای معرفت وقت و ساعتش
ترتیب بر بلندی ایوان بکار کرد
روشن بروز ابر و به شبهای تار کرد (۲۸)

منارہ زرّین

آسمان سای ستونیست ز یك پارہ سنگ
گاو دُم رفته ز بنیاد پهن بالا تنگ
پا بقعر ثری سر بسر هفت اورنگ
زیر و بالاش هم از زرطلی آتش رنگ
می نماید چو یکی کوه زر از صد فرسنگ
همچو خورشید که در صبح برون تازد خنگ

نپرد مرغ در اوجش نه عقاب و نه کلنگ
نرسد تیر به نیمش نه خطائی نه خدنگ (۲۹)

عفیف کے بیان سے اسکی اسطرح تائید ہوتی ہے:- «جب سلطان فیروز شاہ.... ٹھٹہ کی مہم سے دھلی شہر میں آیا... مصلحتِ خداوندی سے دھلی کے اطراف میں دو سنگین منارے تھے ایک تو پہاڑ کے دامن میں (شقِ سالورہ و خضرآباد کے) گاؤں توبڑہ کی حد میں تھا اور دوسرا منارہ قصبہ میرٹھ کے قرب و جوار میں.... ایک کو فیروزآباد کے محل کے اندر جمعہ مسجد کے قریب نصب کردیا اور منارہ زرین نام رکھا اور دوسرے کو بڑی محنت اور حکمتوں سے شکار کے محل میں لگا دیا.»(۳۰)

مدرسہ شاہی

حوضِ خاص کے جنوبی کنارے پر (جہاں تغلق جنگ جیت کر بر سرِ اقتدار آیا) فیروز شاہ نے ۷۵۳ھ/۱۳۵۲ع میں ایک عظیم الشان مدرسہ تعمیر کیا جو راجدھانی (دھلی) کی انتہائی محیّر العقول اور رعب دار عمارتوں میں سےتھا. بقول برنی «اسکے کروفر، تعمیری تناسب اور خوشگوار فضا نے اسے اس قدر نادرہ روزگار بنا دیا تھا کہ اگر سنمار کے خورنق اور کسری کے محل پر برتری کا دعوی کرتا تو حق بجانب تھا. اسکی تعلیمی شہرت اسقدر عام ہوئی کہ اطرافِ ملک سے لوگوں کا اژدھام ہو گیا. مطہر اپنے دوست کے جذبات کی اسطرح ترجمانی کرتا ہے:-

گفت الحق چو چنین است چه دولت به از آن
که روم با تو بهم زانکه من از سرو جهار
صفتِ حضرتِ دهلی و تماشا گهِ شهر
رونقِ قصرِ همایون و عماراتِ حصار
سالهاشد ز کسان میشنوم اندر گوش
آرزوهاست که از چشم ببینم یکبار(۳۱)

محل کے گنبد اور مدرسے کے بارے میں یوں نقشہ کشی کرتا ہے:

راستی چونکه بدیدم همه آن ساحت صحن
وان سر گنبد وآن چشمه روشن بکنار
قبه قصر چوماهی و کواکب برگرد
صوفیان و خدم و سائر خلق دوار
گفت اینست مگر روضه رضوان که درو
روح و ریحان بهشت است و دم دار قرار
گفتم اینست هنوز اول بیت المعمور
باش تا جنت فردوس ببینی و انهار
اندر آی ز در مدرسه شاه جهان
آسمانی نگری تازه جهانی ز انوار
بینی آنجا که درین عمر ندیدست کسی
آنچنان جای نه در گوش شنیده اخبار
نه چنان جای به همدان نه خورنق نه سدیر
نه چنان نقش به روم و نه بچین نه بلغار(۳۲)

«فیروزشاہی حکومت اسکی خبر گیری اور قیام کیلئے دل کھول کر خرچ کرتی تھی. پرانی دھلی کے بہت سے باشندوں نے اپنے پرانے گھر چھوڑ کر مدرسے کے پاس نئے گھر بنا لئے. تھوڑے ھی دنوں میں حوض خاص کے کناروں پر مدرسہ کا قصبہ وجود میں آگیا جو بعد میں چودھویں صدی میں علمی سرگرمی اور چهل پہل کا مرکز بن گیا.

فیروز شاہی مدرسہ ایک دو منزلہ عمارت تھی جسکے محرابی دالان اور کھڑکیاں حوض کی جانب ابھری ھوئی تھیں. اس کا سامنے کا حصّہ هندی ستونوں اور اسلامی محرابوں کا حسین امتزاج پیش کرتا تھا. هر داخل ھونے والا دروازہ میں قدم رکھتے ھی اپنے آپکو پربهار باغ میں

پاتا تھا جہاں ہر طرف روشیں اور راستے کھلے ہوئے خوشنما پھولوں سے مزین ہوں اور پھلوں کے لدے ہوئے درختوں پر خوش آواز پرندے چہچہا رہے ہوں۔ اس مدرسے میں تھوڑی دیر ٹھہرنا آنکھوں کیلئے طراوت اور دماغ کیلئے ضیافت کا سامان تھا۔»(۳۳)

مطہر نے دارُالسّلطنت (دھلی) اور مدرسہ وغیرہ کی اسطرح منظر کشی کی ہے:-

شهر آراسته دیدیم چو فردوسِ برین
کوثری درتهِ او موجزنان دریا سار
مرغ و ماغ و بطِ و سرخاب دران صحنِ کبود
فوج در فوج روان گشته چو صفهای سوار
باد بر آب زره ساخته و بلبله خود
ماهیان تیغ زن و باخه شده اسپردار
راست چون لشکرِ ترکان میانِ لبِ رود
ساحل آب گرفته سپهِ بُو تیمار
اول از در که درون افت دران فرخ جای
عرصه ای دید چو صحرای بهشتی هموار
صحنِ او روح فزا ساحتِ او جان پرور
خاکِ او مشك فشان نکهتِ او عنبر بار
سبزه و سنبل و ریحان و گل و لاله درو
رسته و آراسته چندانك کند چشمِ تو کار
نار و نارنج و ترنج و به و سیب و انگور
در رسانیده درو میوه امسال بپار
بلبلان نغمه سراینده ز هرسوی گوئی
چنگ دارند بچنگ اندرو نی در منقار

اس باغ میں دس گیارہ فٹ اونچا ایک چبوترہ تھا جسکی لمبائی

اور چوڑائی چالیس ہاتھ تھی اور چھت گنبد دار تھی. مظہر نے اپنے تاثرات کو اسطرح منظوم کیا ہے:-

واندران باغ یکی فرش ببالای دو مزد
طول و پهناش ز هرسوی چهل رش بشمار
قبه ای برسرش افراشته تا طارم ماه
که چو خورشید درو خیره همی شد دیدار
بام و برجش بزر آراسته چون روی عروس
در و دیوار جلا داده بطلق آئینه وار
قصر مانیش رف و باغی ارم ساحت صحن
طاقی کسریش در و سد سکندر دیوار
سطح او را ز رخ روشن جوزا شنگرف
سقف او را ز پر سبز ملائک زنگار
چونه و سنگ جدارش همه قلعی و رخام
تخته و چوبدرش صندل چین عود قمار

اس وسیع اور مرتب و منظم باغ کے بیچوں بیچ مدرسہ کی کشادہ عمارت واقع تھی جسکی دیواروں پر ابرق اور طلق کی چکنی اور چمکدار پالش تھی اور ملمع کاری کیوجہ سے انسانی جسم کا عکس پڑتا تھا گنبدوں اور اونچی ہموار جگھوں پر فیاضی کیساتھ سنہرا روغن کیا گیا تھا. جب اس بلند اور عظیم عمارت کا عکس حوض خاص کے پانی کی پرسکون اور شفاف سطح پر پڑتا تھا تو تماشائیوں کی آنکھیں خیرہ ہو جاتی تھیں. درس کے بہت سارے ہالوں کے علاوہ چار دیواری کے اندر ھی معلمین و متعلمین کے لئے قیامگاہیں تھیں، آنے جانے والوں کے لیے مہمان خانے تھے، کشادہ مسجد تھی، آئمہ و مؤذنین کیلئے کمرے تھے، دینی اعمال عبادات و مراقبہ میں منہمک رہنے والوں کیلئے حجرے تھے. مدرسے کے ہر کونے میں شیراز، یمن و دمشق کے آرام دہ قالین بچھے

ہوئے تھے. مطہر لکھتا ہے:-

وز بساطِ یمن و مفرشِ شیراز و دمشق
همه آراسته بیرون و درونش چو نگار

جب مطہر کے دوست نے حیرت سے اس جگہ کے بارے میں پوچھا تو اسنے ایک ایک چیز سے اُسے اسطرح واقف کیا:-

چون نظر کرد در این گنبدِ گردون فرسای
رنگ برگشت ز رویش چو پری دیده صغار
گفت این جای چه جایست بدین زینت و زیب
باز این باغ چه باغیست ز انواعِ ثمار
گفتم این مدرسه و باغِ شهنشاهِ جهانست
اندرون آی که یك حسن ببینی به هزار
چون درآمد ز درش دید دران جنتِ خلد
قاصدان صف زده هر سوی ملاتك کردار

جیسا کہ ایک اعلی تعلیمی ادارے سے توقع تھی فیروز شاہی مدرسہ کے مدرسین میں بڑے بڑے علماء شامل تھے. جو اپنے اپنے مخصوص مضامین میں امتیازی شان رکھتے تھے:-

عالمانِ عربی لفظ و عراقی دانش
همه درجبهٔ شامی و بصری دستار
هر یکی نادره دهر در انواعِ هنر
هر یکی واسطهٔ عقل در اطرافِ دیار
در فقاهت ببخارا و سمرقند نشان
دربلاغت بحجاز و بیمن مجد و مُشار

ادارہ کا پرنسپل مولانا جلال الدین رومی اپنے زمانے کا مانا ہوا عالم تھا. معاصر مصنفین اس مدرسہ کا مفصل نصابِ تعلیم نہیں دیتے. بھرحال برنی نے تفسیر، حدیث اور فقہ کا خاص طور پر ذکر کیا ہے.

اساتذہ مدرسہ بقولِ مظہر، شامی جبہ اور مصری دستار پہنتے تھے۔ قرونِ وُسطی میں متعلمین و معلمین کا باہمی قرب و اختلاط تعلیم و تدریس کا جزوِ لازم سمجھا جاتا تھا اور فیروز شاہی مدرسہ نے ان صحت مند روایات کو مؤثر انداز میں برقرار رکھا۔

درس کے کمرے طلبہ وغیر طلبہ، مقیمین و واردین سب کیلئے یکساں طور پر کھلے ہوئے تھے، مظہر نے اپنے دوست کے ہمراہ مولانا جلال الدین کے درس میں شرکت کی چنانچہ کہتا ہے:-

پس نشستیم و ز گفتارش انواعِ علوم
اخذ کردیم ز تفسیر و اصول و اخبار

ازمنہ وسطی کے اسلامی طرز تعلیم میں اساتذہ کی نگرانی میں طلبہ کی باہمی بحث و تکرار پر بڑا زور دیا جاتا تھا تاکہ انکی ذہنی صلاحیتوں میں جلا اور نکھار آجائے۔ فیروز شاہی مدرسہ نے اس اہم طرزِ تعلیم کو ذرا بھی فراموش نہیں کیا۔ چنانچہ جب مظہر نے مدرسے میں گشت کیا تو طلبہ علمی مباحثہ میں مشغول تھے:-

همچنان یکدگر از طالبعلمان هر سوی
بر فلک بردہ صدا از غلغل و بحث و تکرار

حکومت فیاضی کیساتھ اساتذہ و طلبہ کے اخراجات برداشت کرتی تھی۔ هوسٹل میں رهنے والوں کیلئے شاہی پیمانے پر انتظامات ہوتے تھے۔ اشعارِ ذیل میں دسترخوان پر انواع و اقسام کے ماکولات و مشروبات کا ذکر ہے:-

آسمان رنگ بیار است زنان مایدہ ای
کاسہ و صحن درو همچو کواکب بکنار
همه دراج و کبوتر بچه و کبك و کلنگ
ماهی و مرغِ مُسمّن برہ کوہ وقار

ناردان و شکر و لوز و نوافج در وی
زعفران صندل و مشك و همه چیز از ابزار

ترشه ملا کر انار کا شربت دسترخوان پر پلایا جاتا تھا. کھانے کے بعد سونے چاندی کی پلیٹوں میں پان لائے جاتے تھے۔ اب ذرا مظہر کے الفاظ میں پان کی تعریف سنیے:-

برگ داران شده دردادن تبنول دوان
برگ دانهای زر وسیم گرفته بکنار
بیرها چون گل صد برگ چوگل (تازه و تر)
دوخته آن گل صد برگ بیك سوزنِ خار
زعفران رنگ و لقد مزه و عنبر بوی
چرب پهلو و تراندام و ملغط رخسار

شاھی ضیافت کے بعد دعا کا اهتمام تھا:-

دست برداشت ثنا خوان و دعا کرد آغاز
بنوایی که دمش بود مگر موسیقار
دولتِ شاه زمان همچو زمان دائم کن
سایه شاهِ جهان برسرِ ما قائم دار
نور چشمانِ جهانجوی جوان بختش را
در برش پیرکن و در نظرش برخوردار

مختصر یہ کہ مظہر کا مدرسہ شاھی کا بیان اس دور کے سماجی اور ثقافتی مطالعہ کیلئے مفید معلومات فراھم کرتا ھے قاری آسانی سے عمارات، ظاھری و علمی ماحول، طریقہ تعلیم مثلاً سیمینار سسٹم، کھانے کی انواع و اقسام، ضیافت کی ترتیب اور اساتذہ کے لباس وغیرہ کے بارے میں تفصیلات سمجھ سکتا ھے۔

خانقاہ حضرت نظام الدین اولیا (رح)

خانقاہ کا ماحول اس انداز میں بان کیا ھے:

بدگر صفه رسیدیم چو ایوانِ بهشت
عارفان جمع بدیدیم چو اصحابُ الغار
همه ابدالِ سکندر دل و مهدی سیرت
همه اوتاد مسیحا نفس و خضر شعار
همه را جامه سیاه و همه را نامه سفید
همه را روی ز نور و همه را سینه ز نار
پیرِ آن ملت سجاده نشین آزادی
که همی تافت جبینش چو شموس و اقمار

سجادہ نشین جس سے مطھر نے اپنے دوست کو متعارف کیا مشھور بزرگ شیخ الاسلام بھاءالدین زکریا ملتانیؒ کے صاحبزادے اور دھلی کے شیخ الاسلام شیخ صدر الدین تھے۔ ھمارا شاعر انکی اسطرح تعریف کرتا ھے:-

شیخ الاسلام جهان قطب زمان صدرالدین
آنکه در خلعت او هست جهان را اقرار
مشرق نور ازل مشرف احکام ضمیر
محرم کعبه جان محرم سر الاسرار
محی دین خلف شیخ بهاء الملت
زکریا که بدو فخر کند خویش و تبار

تاریخ محمدی کے مطابق مطھر نے ایک طویل و فصیح قصیدہ لکھا جسمیں فیروز شاہ کی تخت نشینی سے لیکر دھلی پھنچنے تک کے واقعات مفصل بیان کئے۔ غالباً وہ قصیدہ جسکی طرف اشارہ کیا گیا ھے، اسطرح شروع ھوتا ھے اور اسمیں سو شعر ھیں:-

شاهِ زمان که روی زمین چون نگار کرد

و ز تیغ بیقرار جهان را قرار کرد

منگولوں سے فیروز شاہ کی لڑائی اور مؤخرالذکر کے وزیر کی بغاوت کا اسطرح ذکر کیا ھے:-

آن شاہ چون بملکتِ دارالبقا شتافت
نوبت سپرد در کف این شاہِ بختیار
اول مصافِ رزم کہ بعد از جلوس شد
بودش بخت... مغلان حرام خوار
چندین بریخت خونِ مغل کز نم زمین
برمی رود ھنوز سوی آسمان بخار
آمد خبر براہ کہ در شہر فتنہ ای
کرد آن وزیر پیر بد اندیش نابکار
وآن پیر طوف کردہ ز دستار در گلو
اندر میان ستادہ سیہ روی شرمسار

صحاح ستہ اور غلط فھمی کا ازالہ

دیوان مطھر کے ذریعے بعض مشکوک تاریخی بیانات کی اصلاح ھوتی ھے مثلاً عام طور پر تسلیم کیا جاتا ھے کہ کتبِ احادیث خصوصاً صحاح ستّہ کو شیخ عبدالحق محدث دھلوی رح (۱۰۵۲ ھجری/۱۶۴۲ عیسوی) کے زمانے تک یا بقولِ بعض شیخ ولی اللہ دھلوی (رح) (۱۱۷۶ ھجری/۱۷۶۲ عیسوی) کے وقت تک ھندوستان میں لوگ نھیں جانتے تھے مگر ھم دیکھتے ھیں کہ فیروز شاھی کالج میں "پنج سنن" یعنی حدیث کی پانچ معیاری کتب کا درس دیا جاتا تھا چنانچہ پرنسپل مولانا جلال الدین رومی کے فضل و کمال کے سلسلے میں ھمیں مطھر کا یہ شعر ملتا ھے:-

راوی ھفت قرأت سندِ چاردہ علم

شارح پنج سنن مفتی مذہب ہر چار

شجرہ مشائخ چشتیہ

ایک طویل قصیدہ میں رسول پاک صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے لیکر شیخ رکن الدین رح تک مشائخ چشتیہ کا ذکر ھے. اس تاریخی اھمیت کے حامل قصیدہ کی ابتدا یوں ھوتی ھے:-

مجردّ شو از دین و دنیا قلندر
که راهِ حقیقی است زین ہر دو برتر

جشن عید

قصیدہ نمبر ۲۲ جس کا مطلع" مقدمِ عیدِ ما مبارک باد- بردر پادشا مبارک باد" ھے ثقافتی نقطہ نظر سے بہت اہم ھے اس سے دورِ فیروز شاھی کی مختلف رسموں پر روشنی پڑتی ھے. طوالت کے خوف سے دو شعر پیش خدمت ھیں:-

ساختن درمیان ہر باغی   نخل طوبی نما مبارکباد
مفرشی از حریر گستردن   سبز چون گندنا مبارک باد

* * * * *

حواشی

۱- مقالہ دوم، حکایت نمبر ۱۰ از "چہار مقالہ" نظامی عروضی ثمرقندی.

۲- مصنف ۸۳۷ ھ میں اس کتاب کی تصنیف میں مصروف تھا (ملاحظہ ھو پروفیسر شیرانی کا مارچ اور اپریل ۱۹۲۹ء کے "مخزن" میں چھپا ھوا مضمون: "ایک قدیم فرہنگ بحر الفضائل".

۳- اس پر سیر حاصل بحث کے لئے ملاحظہ ھو پروفیسر نذیر احمد کا جنوری ۱۹۶۷ء کے "معارف" میں چھپا ھوا مضمون "ظھور الاسرار"

۴-۷ دیوانِ مطہر (مخطوطہ)، تصحیح و ترتیب بقلم عبدالرزاق مملوکہ آزاد

لائبریری، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ۔صفحات بالترتیب ۲۹۲، ۱۶۵، ۲۲۶،
۲.۳ دیکھئے صفحہ ۹ (حاشیہ) -

۸- عرفاتُ العاشقین، بتخانہ اور مجمع النفائس وغیرہ کے مصنفین کی رائے میں مطھر ایرانی تھا۔ مگر اخبار الاخیار، مُنتخب التواریخ بدایونی اور ید بیضا وغیرہ میں اُسے ھندوستانی لکھا گیا ھے۔

۹ تا ۱۰- مخطوطہ دیوان مطھر، ترتیب و تصیح عبدالرزاق، مملوکہ آزاد لائبریری، علی گڑھ۔ صفحات ۱۳۳- ٦٦ میں دیکھیں۔

۱۱- ان کا مضمون مارچ ۱۹۲۹ء کے مخزن(لاھور) میں دیکھیں۔

۱۲- "شرح مخزن اسرار" محمد بن قوام بن رستم بدر خزانۃ البلخی الکرئی کی ۷۹۵ ھ کی تصنیف ھے۔

۱۳- "بحر الفضائل" بھی محمد بن قوام کی تصنیف ھے جو ۸۳۷ھ میں لکھی گئی۔ دیکھئے پروفیسر شیرانی کا مارچ اور اپریل ۱۹۲۹ کے "مخزن" (لاھور) میں چھپا ھوا مضمون: "ایک قدیم فرہنگ: بحرالفضائل۔"

۱۴- تاریخِ محمدی مؤلفہ محمد بھامد خانی کا مخطوطہ برٹش میوزیم میں ھے مگر اس کا روٹو گراف تین جلدوں میں شعبہ تاریخ، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ میں موجود ھے۔ اس کتاب میں فیروز شاہ تغلق اور شیخ نصیرالدین محمود چراغ دھلی کی شان میں مطھر کے قصائد اور مؤخرالذکر کی وفات پر مرثیہ کے چیدہ چیدہ اشعار ھیں۔

۱۵- پروفیسر نذیر احمد، شعبہ فارسی مسلم یونیورسٹی علیگڑھ نے اپنے ایک مضمون میں استاجی کا ذکر کیا ھے اور اس کا کلام بھی نقل کیا ھے۔

۱٦- دیکھئے تاریخِ فیروز شاھی مؤلفہ ضیاءالدین، تاریخ فیروز شاھی مؤلفہ شمس سراج عفیف اور ڈاکٹر محمد شمعون اسرائیلی کا مضمون "مطھر کڑہ" "جو انڈو ایرانیکا" میں صفحہ ۵۰ پر چھپا تھا۔

۱۷- مخطوطہ دیوانِ مطھر بقلم عبدالرزاق مملوکہ آزاد لائبریری، مسلم یونیورسٹی۔ صفحہ ۲۵

۱۸- صفحہ ۷۰

۱۹- صفحہ ۶۲

۲۰- صفحہ ۳۲۹

۲۱- صفحہ ۳۳۰

۲۲- تاریخ مبارکشاہی، یحیی بن احمد صفحہ ۱۲۳

۲۳- "دیوان مطہر" ترتیب از عبدالرزاق صفحہ ۲۷ (۳)

۲۴- صفحہ ۳۲۹

۲۵- صفحہ ۳۳۰

۲۶- مخطوطہ دیوان مطہر (تصحیح و ترتیب عبدالرزاق) صفحہ ۳۳۱.

۲۷- تاریخ فیروز شاہی مؤلفہ شمس سراج عفیف صفحات ۱۳۲-۲۵۴

۲۸- دیوان صفحہ ۲۷

۲۹- دیوان صفحہ ۳۳۱

۳۰- تاریخ فیروزشاہی مؤلفہ شمس سراج عفیف صفحہ ۱۳۲-۳۰۵.

۳۱-۳۲-۳۳- پروفیسر خلیق احمد نظامی شعبہ تاریخ، مسلم یونیورسٹی علیگڑھ نے اپنے مضمون "An Indian Medieval Madrasah" میں تاریخ فیروز شاہی، ضیاء الدین برنی، تاریخ فیروز شاہی عفیف وغیرہ کے علاوہ مطہر کے ۱۵۱ شعر والے طویل قصیدے سے جا بجا استفادہ کیا ہے. دیوان مطہر (ترتیب و تصحیح عبدالرزاق) میں یہ قصیدہ صفحہ ۹۹ سے شروع ہوتا ہے.

* * * * *

بازدید رئیس موسسهٔ کیهان از مراکز چاپ اخبار پاکستان

جناب آقای اصغری رئیس مؤسسه کیهان و نماینده مجلس شورای اسلامی در سفر مطالعاتی و فرهنگی که در نیمه اوّل شهریور ماه ۱۳۶۹ به پاکستان داشتند به همراه همکاران در رایزنی فرهنگی از روزنامه های کثیرالانتشار مُسلم و جنگ به ترتیب در اسلام آباد و راولپندی بازدید کردند و از نزدیک بخش های مختلف مدیریت، سردبیری، هیئت تحریریه، لیتوگرافی، چاپخانه و قسمت توزیع را مورد مشاهده قرار دادند.

ایشان همچنین با برخی از دست اندرکاران این روزنامه ها به گفتگو پرداختند و در اهمیت رسالت مطبوعات و ارائهٔ اخبار و تحلیل های سیاسی، فرهنگی سالم و صحیح تأکید ورزیدند.

مسئولان و کارکنان این روزنامه ها نیز مقدم ایشان را بسیار گرامی داشتند و در مورد بازدید از قسمت های مختلف مطالبی در روزنامه های خود منتشر ساختند.

آقای اصغری همچنین به مسئولان فرهنگی و علاقه مندان پاکستانی در نشستی دیگر قول دادند که انتشارات مؤسسه روزنامه کیهان به موقع به دست متقاضیان خارج از کشور برسد.

مجله دانش ضمن تأئید اینگونه بازدیدها، توسعهٔ هر چه بیشترِ حسن روابطِ فرهنگی مسئولان مطبوعاتی ایران و پاکستان را آرزو می کند.

خانم ڈاکٹر قمر غفار علیگ
جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دھلی

فیضی اور لطیفہ فیاضی

تبصرہ و تعارف

مغلوں کا ملک الشعراء، دربار اکبری کی جان، نورتنوں کی شان، شیخ ابوالفیض فیضی نہ صرف گوناگوں صفات کی حامل شخصیت کا مالک اور بہت سی تصانیف کا خالق ہے بلکہ اس کی زندگی عروج و زوال کی بذات خود ایک تاریخ بھی ہے۔ پروفیسر سید نبی ھادی نے اپنی کتاب "مغلوں کے ملک الشعراء" میں فیضی کے بارے میں لکھا ہے:

"تقدیر کا فرشتہ بعض اوقات نہایت گمنام لوگوں کو دیکھ کر مسکراتا ہے اور ان کو اپنے قوی بازوں پر بٹھا کر بقائے دوام کی بلندیوں کی سمت اڑنے لگتا ہے. دنیا سمجھتی ہے اور افسوس کرتی ہے کہ وہ تباھی اور دست برد کا شکار ہوگئے. لیکن وہی دست برد ان کے عروج کی راہ کا نقطہ آغاز بن جاتی ہے۔"

تاریخ شاہد ہے کہ شیخ مبارک کا بیٹا فیضی اپنے خاندان کے ساتھ ان ہی معاملات اور کیفیات کے ساتھ گزرا۔

فیضی نے اپنے گھر والوں کے ساتھ کیا کیا صعوبتیں نہ اٹھائیں.

کیا کیا ہم چشموں نے چغلی لگا کر، ان کے خلاف بہکا کر جان سے بیزار نہ کیا کہ فیضی اپنے عزیز و محترم باپ کے سامنے تلوار نیام سے نکال کر آمادہ ہوگیا کہ یا تو آپ ہم لوگوں کو لیکر گھر سے راہ فرار اختیار کیجیے ورنہ میں ابھی اپنا کام تمام کیے لیتا ہوں. بعد ازیں شیخ مبارک کا اپنے خاندان کے ساتھ گھر سے بے گھر ہونا، پریشان پھرنا، چھپتے چھپاتے دوسروں کے یہاں پناہ لینا، جن میں اپنے بھی شامل ہیں پرائے بھی، مہربان بھی ہیں اور نا مہربان بھی. لیکن واقعاً قسمت کا فرشتہ اس سخت کوشی اور لوگوں کے برتاؤ پر خندہ زن تھا کہ ایک دن وہ بھی آتا ہے جب اسی خاندان کے دو فرزندوں کا آستانہ لوگوں کے لئے قبلہ حاجات بن جائے گا. اور وہ وقت جلد ہی آیا. خوش قسمتی سے شیخ مبارک کے خاندان کی رسائی ایک ہمدرد مرزا عزیز کے ذریعہ اکبر کے دربار تک ہوئی جس کا ذکر "آئین اکبری" میں کیا گیا ہے. اور جس کے حوالہ سے شبلی نعمانی نے اپنی تصنیف "شعرالعجم" میں ان الفاظ میں اظہار خیال کیا ہے:

" ابوالفضل نے آئین اکبری میں لکھا ہے ایک امیر نے اکبر کے دربار میں نہایت گستاخانہ سفارش کی. اس سے مرزا عزیز ہی مراد ہے. مرزا عزیز نے بارہا اکبر کو سر دربار سخت و سست کہا اور اکبر یہ کہہ کر چپ ہوجاتا تھا کہ کیا کروں میرے اورمرزا عزیز کے درمیان دودھ کا دریا حائل ہے."

دراصل اکبر کے دل میں خود اس خاندان کے لئے نرم گوشہ موجود تھا مگر متعصب مولویوں کے خیال سے خاموش رہتا تھا. جیسا کہ مولانا شبلی نے لکھا ہے." گستاخ امیر کے جواب میں اکبر نے کہا کہ " تم کو خبر بھی ہے تمام علماء نے فتوے تیار کئے ہیں اور مجھ کو چین لینے نہیں دیتے کہ جہاں سے ہو شیخ مبارک کا خاندان ڈھونڈ کر پیدا کیا جائے اور اس کو سزا دی جائے. مجھ کو شیخ کی قیام گاہ "چورمحل"معلوم ہے لیکن

دانستہ ٹالتا ہوں، کل کوئی جاکر شیخ کو دربار میں لائے۔" الغرض حالات کی یہ ستم ظریفیاں کچھ تو قسمت کی مرہون منت ہیں اور کچھ فیضی اور اس کے خاندان کی افتاد طبع کی بدولت جس کا احساس خود فیضی کو ہے:

من براهی میروم کا نجا قدم نا محرم است
از مقامی حرف میگو یم که دم نا محرم است

بہرحال ہر شب کی ایک سحر ہوتی ہے۔ "پایان شب سپیداست۔" دکھ اور پریشانیوں کا سینہ چاک کر کے شیخ مبارک کے خاندان کی بھتی جگمگاتی صبح طلوع ہوئی اور اکبر کو گویا اپنے جاگتے خوابوں کی تعبیر مل گی۔ ابوالفضل اور فیضی اکبر کی قوتِ سماعت و بصارت اور اس کی حکمت عملی کے ہاتھ بن گئے۔ خود فیضی کے بقول:

"کوهکن راتیشه دادیم و کار آموختیم"

اپنے بارہویں جلوس (۹۷۴ھ) کے موقع پر مغل اعظم شہنشاہ اکبر نے بڑے احترام اور چاؤ سے بلایا۔ فیضی جس آن بان سے دربار میں پہنچا اور اکبر نے جو قدردانی اور پذیرائی کی اسے دیکھ کر حاسدوں کے سینوں پر سانپ لوٹ گئے اور اس جلن کی آنچ اور تمازت نے فیضی کے مراتب کو جو جلا بخشی، ابوالفضل نے اپنی "آئین اکبری" اور فیضی نے اپنے دیوان "تباشیرالصبح" کے پہلے نسخہ (۹۹۵ھ) کے دیباچہ میں اس کا ذکر کیا اور نورالدین عین الملک نے اپنے مرتبہ خطوط "لطیفہ فیاضی" کے مقدمہ میں شامل کیا ہے۔

"خواستم خود را به پایه تخت شاهنشهی رسانم د ظلمت زدای ستاره بخت شوم، ناگاه منشور التفات حضرت شاهنشاه عالم، فرمان روای اعظم، مظهر قدرت الهی... رسید۔"

اس طرح کے القاب و آداب کا خاتمہ ذیل کے اشعار پر ہوتا ہے:

شمع شش طاق و شاہ نہ خرگاہ
بادشاہ زمانہ اکبر شاہ
کہ رخش روز بخت روشن باد
وز بہارش زمانہ گلشن باد

اس کے بعد فیضی دربار اکبری میں پہنچنے کی اطلاع ان الفاظ میں دیتا ہے۔

"در زاویہ فقر و فنا گنجیدہ بدو پای دیدہ بشتافتم و بہ تقبل پایہ اورنگ والا سربلند یافتم نظری کہ آفتاب بخاك چمن اندازد و سہیل کہ بہ سنگ یمن کند بہ من کرد. وعنایات پادشاهی چون نعمای الهی بی حساب دیدم. درخشندہ رقمی کہ از لوحہ سرنوشت من روزگار برخواند و منت ازل و ابد برمن نهاد نقش استادی شاهزادہ های کامگار بخش بود کہ بشادگری بخت فرخندہ بخدمت تعلیم این مستخدان انتظام بسلسلہ گوی والهی ممتاز شدم. القصہ بیدرقہ تربیتش سلوك در مدارج صورت و معنی نمودم و نشیب و بلندی بہ وادی ظاہر و باطن پیمودم. رفتہ رفتہ در بندگی تاش شدم. و بسعادت ابد خواجہ تاش گشتم ہم در حساب امراء در آمدم و ہم خطاب ملك الشعرای گرفتم اگرچہ شمشیر بہ میان بستہ بودم."

فیضی کی اکثر و بیشتر تصانیف جو اپنے مواد کے اعتبار سے رنگارنگی کی حامل ہیں، غیر معروف نہیں۔ خود " ملک الشعراء" کا خطاب رہتی دنیا تک اس کی بقائے دوام کا سبب بن گیا۔ لیکن اس کی دوسری خصوصیات کو اہل علم نے اس طرح نہیں سراہا جیسا کہ حق تھا۔ جس کا احساس شاعر کو بھی ہے:

امروز نہ شاعرم، حکیمم
دانندہ حادث و قدیم

اصلاً یمن کا عربی النسل فیضی ہندوستان کے چمن زاروں کا نونہال، اس کی نرم و گرم فضاؤں کا پروردہ، نہ صرف حادث و قدیم کا امین ہے بلکہ ایک اچھا نثر نگار بھی ہے جس کا بین ثبوت اس کے وہ خطوط ہیں جو اس نے وقتاً فوقتاً مختلف مقامات مثلاً دکن، احمدنگر، احمد آباد اور آگرہ وغیرہ سے شہنشاہ اکبر، اپنے وقت کے بعض سلاطین، امراء و شرفاء اور اعزا و اقارب کو لکھے اور جن کو اس کے ایرانی النسل شاگرد اور بھانجے نورالدین محمد عبداللہ بن حکیم عین الملک نے "لطیفہ فیاضی" کے عنوان سے مرتب کئے اس کی تاریخ ۲۶-۱۶۲۵ء/ ۱۰۳۵ھ نکالی. عبارت ملاحظہ ہو:

> "اما بعد، باد پیمای بادیہ سخن سنجی و آبلہ پای سنگ لاخ پینچی، نورالدین محمد عبداللہ حکیم عین الملك كه به نسبت آبای کرام ازخاك پاك شیراز است وبحسب طینت در شکرستان هند سحر طراز... از آنجا این کمترین نسبت خواهر زادگی و تلمذی بحضرت مذکور داشت خواست که... "لطیفه فیاضی" (۱۰۳۵ھ) که تاریخ انجام و انتظام این مطلب اهم است."

کیسی عجیب اور حیرت کی بات ہے کہ میری ناقص معلومات کے مطابق نہ تو "لطیفہ فیاضی" پر ابھی تک کوئی سیر حاصل بحث سامنے آئی ہے اور نہ ہی شیخ فیضی کی شخصیت کو اس کے خطوط میں ڈھونڈنے کی کوشش ابھی تک سنجیدگی کے ساتھ ہوپائی ہے. اس کی ذات سے دلچسپی رکھنے والے تقریباً سارے ہی دانشوروں کے نام مشہورلہٗ معلوم ہیں لیکن انھوں نے شیخ کے مجموعہ مکتوبات یعنی "لطیفہ فیاضی" کو شوق و انہماک کی نظر سے کم دیکھا ہے، حقیقت تو یہ ہے

کہ سرسری نظر سے دیکھنے والے بھی زیادہ نہیں ہیں.

دنیا کے تقریباً تمام فنکار اپنے کو قابل رحم کہتے اور سمجھتے آئے ہیں مگر بعض کا قصّہ واقعی نہایت عجیب ہے. لوگ ان کے آثار سے ایک قسم کا رعب کھاتے ہیں. نام سنا اور دل پر خوف چھایا. ان کی کتابیں الماری کے سب سے اونچے خانہ میں رکھی جاتی ہیں. لیکن ان کے پڑھنے کو زبردست ہمت چاہیے. ان کے آثار زینت و آرائش کے ساتھ ساتھ مرعوب کرنے کی خاطر جمع کئے جاتے ہیں. مطالعہ مقصود نہیں ہوتا. فیضی بھی اس زمرے کا فنکار ہے. یعنی وہ "سواطع الالہام" کا مؤلف ہے. قران کی تفسیر اور وہ بھی بے نقط عبارت میں. آخر کتنے اہل دل اور اہل ذوق نے "سواطع الالہام" کو غور و خوض سے پڑھا ہوگا. موضوع کی حدود سے بات ذرا دور چلی گئی عرض کرنے کا مقصد صرف اس قدر ہے کہ ایسا ہی منصب بلند "لطیفہ فیاضی" کو اگر واضح طور سے نہیں ملا تو ملتے ملتے رہ گیا.

فطرت انسان کے ساتھ کبھی کبھی اچانک کسی موڑ پر آکر واقعی فیاضی کے ساتھ کام لیتی ہے. یہ کلیہ فیضی پر صادق آتا ہے. اس کو ایسی شخصیت بخشی گئی جس کو صحیح معنوں میں پہلودار کہنا چاہیے. غور کرنے کی بات ہے ہم کونسے فیضی کو جانتے ہیں اور کونسا فیضی ہے جو دنیا کی نظر سے پوشیدہ رہ گیا؟ یوں تو حکیم آزاد انصاری نے ضروری باتوں کے لئے کہا تھا:

افسوس بے شمار سخن ہائے گفتنی

خوف فساد خلق سے ناگفتہ رہ گئے

ویسا ہی حشر بہت سی ہستیوں کا ہوتا ہے. یعنی ان کے اصلی چہرے سامنے نہیں آ پاتے. یہ اور بات ہے کہ تاریخ کا طلسماتی عمل صدیوں کے امتداد کے بعد چہرے سے نقاب اٹھادے.

فیضی کے بعض معاصرین جو اس کو زندگی بھر نزدیک سے دیکھتے رہے، اس کی حیات مستعار کے نقطۂ اختتام پر پہنچ کر عجیب انداز کے فیصلے پیش کرتے ہیں۔ ان کے قیل و قال سننے کے قابل ہیں۔ عداوت اور نفاق میں تو شک ہی کیا، لیکن ساتھ ہی ان حقارت آمیز تبصروں سے فیضی کی ذات کے مختلف پہلو نہ صرف واضح طور سے سامنے آئے ہیں بلکہ ذہن میں بہت سے سوالوں کو جنم دیتے ہیں۔ مثلاً فیضی نحس دشمن نبوی، قاعدہ الحاد شکست، خالداً فی النار، وی فلسفی شیعی و طبیعی و دھری، وغیرہ وغیرہ۔

فیضی کے حریف زندگی بھر اس کی ذات کے گرد زبردست ہنگامے مچاتے رہے مگر تعجب کی بات یہ ہے کہ اس کے اطوار میں کسی مرحلے پر بھی ایسی علامتوں کا سراغ نہیں ملتا، جن کو اعصاب کی کوفت، دل کی گھبراہٹ، یا کم از کم چہرے کی شکن ہی سے تعبیر کیا جاسکے۔ وہ پوری خونسردی کے ساتھ خاموشی سے اپنی مدافعت کرتا ہے اور شاذ و نادر ہی اپنے دشمنوں کے خلاف حرف ملامت زبان پر آنے دیتا ہے۔ جس کی متعدد مثالیں اس کے خطوط سے دی جاسکتی ہیں۔ جس طرح اهل ایمان اپنے نیک و بد کا حساب یوم حشر پر اٹھا رکھتے ہیں فیضی اپنے اختلافات کا فیصلہ تاریخ کی عدالت کے سپرد کر جاتا ہے۔ اس کو احساس اور اعتماد ہے کہ صدیاں گزر جانے کے بعد تاریخ اپنا فیصلہ اس کے حق میں صادر کرے گی۔

مبالغہ نہ ہوگا اگر کہا جائے کہ اکبر کے زمانہ میں ایک ہزار قصّے ایسے کھڑے ہوئے جو اس سے قبل کبھی نہ ہوئے تھے۔ اور ملک کے طول وعرض میں دانشوروں کو تو خیر جانے دیجیئے معمولی تعلیم یافتہ افراد تک جذبات کے ہوشربا اور خرد فرسا طوفان میں کودنے کو تیار ہوگئے۔ عہد اکبری کے بیشمار پیچیدہ قضیوں میں دین الٰہی، صلح کل، شہنشاہ کی ذات والا صفات سے متعلق بعض علماء کا محضر، کمال

تعالی شانہ. اللہ اکبر، تاریخ الفی یعنی اسلام کی ایک ہزار سالہ تاریخ اور اس سے زیادہ مسلمانوں کے پست و بالا کی حساب فہمی، غیر اسلامی ادیان کی نوعیت، خصوصاً ہندوؤں کے عقائد کی صحت یا عدم صحت کا جائزہ اور اس کے دیگر شاخسانے جیسے مسئلہ تحریم گاؤ یا پھر ان مذہبی کتابوں کے ترجمہ کا مشکل اور غیر معمولی منصوبہ، جس کی بدولت رامائن، مہا بھارت اور ویدوں کو فارسی میں منتقل کرلیا گیا، یہ سب دلچسپ قصے ہیں اور لطف کی بات یہ ہے کہ ان تمام قصوں میں شیخ مبارک کے دونوں بیٹے سب سے آگے نظر آتے ہیں. اگر پوچھا جائے کہ یہ فلسفیانہ نوعیت کے ہیجان کیوں برپا ہوئے اور ہندوستانی مسلمانوں کی فکری زندگی میں اتنے سارے مسئلے کہاں سے کھڑے ہوگئے تو اس کا جواب معاصر مورخ عبدالقادر بدایونی صاحب "منتخب التواریخ" کے ایک جملہ میں موجود ہے. یہ جملہ دراصل اس جماعت کے رجحانات اور کوششوں پر ایک واضح تبصرہ ہے جس کا قافلہ سالار فیضی تھا۔ پورے معاملات کو سمجھنے کے لیے بدایونی کا یہ جملہ کلیدی اہمیت رکھتا ہے:"۔۔۔ مدار دین بر عقل گذاشتند نہ بر نقل۔"

دراصل زوال بغداد کے بعد ۱۲۵۸ء/۶۵۶ھ مسلمانوں نے بارہا کوشش کی کہ اپنی تہذیب کے تھکے ہوئے اور راہ گم کردہ قافلہ کو ہوسکے تو پھر سے آگے بڑھائیں. عہد اکبری کے ہنگامے اس داستان کا انتہائی باب ہیں. یہ ایک آخری کوشش تھی. یہی زمانہ تھا جب یورپ نشأة ثانیہ کی تیاریوں میں لگ چکا تھا. سب جانتے ہیں مغرب میں جیسے ہی نشأة ثانیہ کی تحریک آگے بڑھی مسلمان عقل و حکمت کی امانت سے محروم ہوگئے. بقول اقبال "لے گئے تثلیث کے فرزند میراث خلیل". عہد اکبری کے دانشوروں میں فیضی جو سب سے ممتاز ہے ایک سنجیدہ جستجو میں منہمک نظر آتا ہے یعنی انسانی اداروں کا انتظام، بشمولیت دین، "اعتقادات عقلی" پر استوار ہونا چاہیے. معاشرے کی مربوط اور منظم

پیشرفت فقط ان عوامل کے ذریعہ ممکن ہے جو "دلائل عقلیہ اور شواہد نقلیہ" سے مطابقت رکھتے ہوں۔ مذکورہ دونوں ہی اصطلاحیں بدایونی کے بیانات سے مستعار ہیں یہ مقدمات ان مسائل کی سنگینی کا احساس دلانے کے لئے کافی ہیں جو فیضی کو اپنی زندگی میں درپیش تھے۔ اس میں شک نہیں کہ فیضی کو بادشاہ کا مکمل اعتماد حاصل تھا۔ حکومت کی طاقتور دستگاہ اس کے بھائی شیخ ابوالفضل کے ہاتھ میں تھی۔ مگر ملک کی رائے عامہ کو ساتھ رکھنا اور مخالفت کا جو طوفان کھڑا ہوگیا تھا اس کو روکنا نہایت نازک اور دشوار کام تھا۔ فیضی کے مکاتیب اس پس منظر میں خاص اہمیت کے حامل ہیں۔

" لطیفہ فیاضی" کا مطالعہ کرتے وقت جو مکتوب الیہ اکثر و بیشتر سامنے آتے ہیں ان کو کم و بیش تین طبقات یا زمروں میں رکھا جا سکتا ہے۔ ایک طبقہ وہ ہے جس کو بدایونی اپنے مخصوص انداز میں "طائفہ سادات و مشایخ و علماء و فضلای وقت" کہتا ہے دوسرے گروہ میں وہ بزرگ آتے ہیں جو "اهل دولت وارباب حکومت " کہلاتے ہیں۔ اور تیسری جماعت ان نواسنجان شعر و ادب کی ہے جن کی گونج تاریخ میں ابھی تک سنائی دیتی ہے اور جن کیوجہ سے اکبر کا ھندوستان فارسی شاعری کا "موسم بہار" کہلاتا ہے۔ دو نکتے اور قابل غور ہیں۔ ایک یہ کہ سہل انگاری اور سادگی کے باوجود مکتوبات کی زبان جگہ جگہ مرصع اور پر تکلف محسوس ہوتی ھے۔ اور ایسے موقوں پر نثر میں وہ خوبی گم ہوجاتی ہے جس کو سادگی اور برجستگی کہتے ہیں۔ یقیناً فیضی جیسا ذہین آدمی روزمرّہ کی زبان کی تاثیر اور جاذبیت سے واقف تھا۔ مگر جس طبقہ سے اس کا تعلق تھا ان لوگوں میں سادہ اور سہل نثر کے استعمال کا رواج نہ تھا۔ وہ اپنے دور کی اور اپنے طبقہ کی روایات کا گاہ گاہ پابند نظر آتا ہے۔ اگرچہ کاملاً نہیں دوسری قابل تعریف بات یہ ہے کہ بیشتر خطوط نہ صرف نہایت مختصر ہیں بلکہ بعض کے چھوٹے چھوٹے

خوبصورت اور بامعنی جملے گلستان سعدی کی یاد دلاتے ہیں. متعدد ایسے ہیں جن کی عبارت دو یا تین ہی سطروں پر مشتمل ہے. ممکن ہے ایسے خطوط مکتوب الیه کا جواب ہوں یا کسی اطلاع کی غرض سے لکھے گئے ہوں جہاں تفصیل کی ضرورت نہیں سمجھی جاتی. بعض خطوط القاب و آداب کی قید سے بھی بالکل آزاد ہیں• اور فیضی کی یه آزاد روی غالب کی آہٹیں آس پاس محسوس کراتی ہے.

فیضی کو اپنے زمانه کے بہت سے علماء اور مشایخ سے خط وکتابت کرنے کی ضرورت پیش آئی. ایک تو وه اپنی تفسیر بے نقط "سواطع الالهام" کی تالیف کے سلسله میں تقریباً ملک بھر کے نامور اهل علم سے مشورے کرتا رہا، ان کو اقتباسات کے نمونے بھیجتا رہا اور ان کی مدد سے اپنا کام آگے بڑھاتا رہا. دوسرے اکبر کے عہد میں جو تازہ به تازه نو به نو هنگامے برپا تھے اور جن کی تمام تو ذمه داری شیخ مبارک کے بیٹوں کے سر آپڑی تھی یعنی ان پر بادشاه کو گمراه کرنے کا الزام تھا• اس بدنامی کی مدافعت میں یا اپنے حامی اور هم نوا پیدا کرنے کی غرض سے اس کو دوستوں کا حلقه وسیع کرنا پڑا. دوسرے دکن اور گجرات کی مهم کے حالات اکبر کو تفصیل کے ساتھ لکھے. نیز جب اکبر گجرات کی بغاوت کو فرو کرنے کے لئے گیا ہوا تھا تو اس کو خطوط کے توسط سے دارالخلافه کے حالات سے باخبر رکھا. اگر یه کہا جائے تو بیجا نه ہوگا که اس صورتحال نے اس کو مکتوب نگار بننے پر مجبور کیا. اور آج یہی مکتوبات تاریخی دستاویز کی حیثیت کے حامل کہے جاسکتے ہیں. اور ان خطوط کے آیئنه میں شیخ تاج الدین اجودھنی، جو تاج العارفین کہلاتے تھے اور جن کو ابن العربی کے فلسفه پر زبردست عبور حاصل تھا، شیخ یعقوب کشمیری جن کو عین القضات همدانی کے افکار کا ماهر شمار کیا جاتا تھا اور لاہور کے شیخ جمال نظام الملک، عبدالحق، ابوالفتح گیلانی وغیره کے کردار ابھر کر سامنے آتے ہیں.

فیضی جس کو بادشاہ کے اعتماد و عنایات کا شرف حاصل تھا اور شیخ ابوالفضل کے بڑے بھائی کی حیثیت سے تمام ہی ارباب دولت اور امراء سلطنت کی نظروں کا مرکز تھا۔ بے شمار معاملات جو دربار شاہی کی دادوستد اور رعیت و سپاہ کی عقدہ کشائی سے تعلق رکھتے تھے، اس کا اشارہ ابرو ان کی بست و کشاد اور ان کے حل و فصل کے لئے کافی ہوتا تھا۔ تعجب کی بات نہیں اگر بڑی تعداد میں امراء کبار اس سے مراسلت کا سلسلہ رکھتے تھے:

